آسنسول: 15رجون،(عوامی نیوز سروس): برن پور مڈ ٹاؤن کلب نے 2025-2026 اور 2026-2027 سیشن کے لیے ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخاب کا اعلان کیا ہے الیکشن 30 جون 2025 کو ہوگا کلب کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق الیکشن میں مختلف آسامیوں کے لیے کل 14 آسامیاں خالی ہیں جن میں اعزازی جنرل سکریٹری، اسسٹنٹ جنرل سکریٹری، خزانچی، اسپورٹس سکریٹری، کلچرل سکریٹری، فوڈ اینڈ بیوریج سکریٹری، انٹرٹینمنٹ سکریٹری، لائبریری سکریٹری اور کمیٹی ممبران شامل ہیں۔

انتخابی عمل کے تحت ایک رکن صرف ایک عہدے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کر سکتا ہے نامزدگی فارم کو صحیح طریقے سے پُر کیا جانا چاہیے اور اسے کسی دوسرے کلب کے رکن کی طرف سے تجویز اور اس کی تائید کرنی چاہیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ 14 جون 2025 ہے جو صبح 30:17 سے 19??:30 بجے تک قبول کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 16 جون کو ہوگی اور کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 19 جون 2025 ہے امیدواروں کی حتمی فہرست 20 جون کو جاری کی جائے گی کلب کے قوانین کے مطابق، ممبران کے لیے ووٹنگ کے وقت اپنا ممبرشپ کارڈ (ISP-SAIL شناختی کارڈ) ساتھ لانا لازمی ہے پراکسی کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں ہے ووٹنگ 30 جون کو دوپہر 12 بجے سے رات 7 بجے تک ہوگی اور اسی دن رات 7 بجے کے بعد ووٹوں کی گنتی شروع ہوگی نتائج کا اعلان بھی اسی دن کیا جائے گا کلب کے اعزازی سکریٹری حسن ساہ نے کہا کہ یہ الیکشن شفاف اور منصفانہ طریقے سے کرایا جائے گا تمام ممبران سے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی گئی ہے مزید معلومات کے لیے ممبران کلب کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں برن پور مڈ ٹاؤن کلب، جو 2019 میں قائم کیا گیا تھا اپنی سماجی اور ثقافتی سرگرمیوں کے لیے جانا جاتا ہے یہ الیکشن کلب کی مستقبل کی سمت کا فیصلہ کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

اتوار کو ڈی وائی ایف آئی نے نیو مارکیٹ کے نیل منی ہلدر لین میں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی طلباء کے لیے ایک استقبالیہ کا اہتمام کیا۔ چورنگی ایل سی کے وارڈ نمبر 46 میں میٹنگ میں بائیں محاذ کے چیئر مین اور سی پی آئی ایم کے تجربہ کار لیڈر کامریڈ بیمان باسو نے شرکت کی۔ ڈاکٹر فواد حلیم بھی موجود تھے۔نوجوانوں کی تنظیم نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے اس میٹنگ کا انعقاد کیا۔(نورالاسلام خان)

ہوڑہ میں لگا اسکین کیئر کیمپ ساتھ ہی جلسہ استقبالیہ بھی کامیابی سے ہمکنار

ہوڑہ:15 جون (محمد شبیب عالم) ہوڑہ شیب پور سرسید سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن پی ایم بستی شیب پور ہوڑہ کی جانب سے ایک شاندار فری اسکن کیئر کیمپ کا انعقاد بروز اتوار بتاریخ 15 جون 2025 نزد ادارہ ہذا میں کیا گیا۔اس موقعے پر علاقے کے سماجی و سیاسی کارکنان کے لئے استقبالیہ پروگرام کا بھی اہتمام کیا گیا۔استقبالیہ پروگرام میں نقابت کے فرائض ماسٹر خورشید جمال نے بحسن وخوبی انجام دیئے۔اس پروگرام میں شری ابھیجیت چٹرجی (انسپکٹر انچارج شیب پور پولیس اسٹیشن) نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ علاوہ دیگرے ماسٹر خورشید انور، ڈاکٹر سراج احمد، ابھیشیک چٹرجی، ڈاکٹر کلام الدین اور الحاج مظفر علی صاحبان نے اپنی موجودگی سے پروگرام کے معیار کو مزید وقار بخشا اور متذکرہ ادارہ کے تمام عہدیدران وممبران کی خدمات کو سراہا نیز اس طرح کے کیمپ اور استقبالیہ پروگرام کا اہتمام کرنے کے لئے دلی مبارکباد پیش کی۔شرکاء محفل میں صدر عالم، ریاست حسین۔محمد فاروق، خورشید اکرم، جناب مختار احمد، مظاہر احسن ملک، علاؤالدین اور محمد کلام صاحبان کا نام خاص طور سے قابلِ ذکر ہے۔ واضح رہے کہ فیاض احمد اور ڈاکٹر ایس پال کی نگرانی میں منعقدہ اس کیمپ سے تقریباً 150 سے زائد لوگ فیض یاب ہوئے اور مفت میں دوائیں بھی حاصل کی۔ اس پورے پروگرام کو انعقاد کرنے اور کامیابی سے ہمکنار کرنے میں ادارہ کے صدر جناب شاہد حسین (راجو) سیکرٹری جمیل احمد کے علاوہ منورالسلام (گڈو بھائی) محمد ناظم (نائب صدر) آفتاب عالم (نائب سکریٹری) سنور حسین،(خازن) کے علاوہ دیگر ممبران اقبال حسین، شمیم اختر، نسیم اختر، اصغر علی، شمشاد احمد، سرفراز انور الطاف حسین اور فروز عالم پیش پیش رہے۔

☆☆☆

یوٹیوب کی کارستانی۔ایک بچے نے یوٹیوب دیکھ کر بجلی کے تار کے ذریعہ کھلونا بنانے کی کوشش کی لیکن ایکی زبردست المیہ ہوا جب مرشدآباد کے گھر میں بجلی لگنے سے اس بچے کی موت واقعی ہوگئی

سریندر ناتھ کالج فار ویمن کے سمر انٹرن شپ کا درخشاں اختتام اردو طالبات کی علمی ریاضت اور ادبی شعور کا حسین امتزاج

کولکاتا: 15 جون (پریس ریلیز) سریندر ناتھ کالج فار ویمن' کولکاتا کے شعبہ اردو کی جانب سے 22 مئی 2025 سے شروع ہونے والا پندرہ روزہ سمر انٹرن شپ آج 14 جون ہفتہ کے روز بحسن وخوبی اپنے اختتام کو پہنچا۔اس انٹرن شپ میں چوتھے سمسٹر کی طالبات نے پرجوش انداز میں شرکت کی اور علم وادب کے حسین ماحول میں اپنی فکری صلاحیتوں کو جلا بخشی۔

قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت سمر انٹرن شپ کو نصاب کا لازمی جزو قرار دیا گیا ہے، جس کا مقصد طلبہ وطالبات کو علمی تحقیق، تنقیدی مطالعہ اور تخلیقی اظہار کی جانب مائل کرنا ہے۔ اس پس منظر میں شعبہ اردو کی صدر ڈاکٹر نزہت زہرا کی متحرک قیادت اور مدبرانہ رہنمائی اس انٹرن شپ کی روح رواں رہی۔ ڈاکٹر نزہت زہرا نے نہ صرف طالبات کی فکری رہنمائی کی، بلکہ ان کے علمی ذوق کو نکھارنے کے لیے ایک سازگار فضا بھی فراہم کی۔

کالج کی فیکلٹی میں شامل ڈاکٹر رئیس احمد اور مہمان ٹیچر ڈاکٹر محمد فاروق نے بھی طالبات کی ذہنی تربیت، مطالعے کے انتخاب اور تحریری اسلوب کی پرداخت میں کلیدی کردار ادا کیا۔ لائبریری کی پرسکون فضا میں روزانہ حاضری اور منتخب کتابوں پر گہرے مطالعے نے طالبات کو علم وادب کے سمندر میں غوطہ زن ہونے کا موقع فراہم کیا۔ انٹرن شپ کے دوران ہر طالبہ نے کم از کم ایک کتاب کا عمیق مطالعہ کیا اور اس پر فکری وتنقیدی تبصرہ قلم بند کیا۔

طالبات نے اس انٹرن شپ کو ایک منفرد، مفید اور دل آویز تجربہ قرار دیا۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ پندرہ دنوں میں 60 گھنٹوں پر مشتمل یہ علمی ریاضت ان کی شخصیت سازی اور تخلیقی استعداد کی افزائش میں بے حد سودمند ثابت ہوئی۔ مطالعے، نوٹ سازی، تجزیے اور تحریر جیسے اہم ادبی و تحقیقی مراحل سے گزرنا ان کے لیے نہ صرف ایک تربیتی مرحلہ تھا بلکہ ایک فکری سیر وسیاحت کا موقع بھی۔

ڈاکٹر نزہت زہرا کی علمی بصیرت، شائستہ اسلوب اور تربیتی انداز نے طالبات میں خوداعتمادی، تنقیدی شعور اور علمی تجسس کی نئی روح پھونک دی۔ ان کی قیادت میں یہ سمر انٹرن شپ نہ صرف ایک تعلیمی تقاضے کی تکمیل تھی بلکہ ایک ادبی کارواں کی صورت اختیار کر گئی، جس نے طالبات کو کتاب سے ربطِ خاص قائم کرنے کا سلیقہ سکھایا۔

شعبہ اردو کی یہ پہل نہ صرف نئی تعلیمی پالیسی کے اہداف سے ہم آہنگ تھی بلکہ اردو زبان وادب کے فروغ کی ایک مؤثر کوشش بھی ثابت ہوئی۔ امید کی جاتی ہے کہ آئندہ برسوں میں یہ روایت مزید نکھرے گی اور مزید طالبات اس علمی قافلے کا حصہ بن کر اردو کے دامن کو وسعت بخشیں گی۔

تعلیم نسواں پر توجہ: آسنسول میں طالبات کے مسائل پر بیداری سیمینار، ڈاکٹر صابرہ حنا کا بصیرت افروز خطاب

رانی گنج 15 جون: وحدت اسلامی ہند شعبہ خواتین، آسنسول برانچ کے زیرِ اہتمام آج ایک بصیرت افروز اور بیداری پیدا کرنے والا سیمینار بعنوان "طالبات کے تعلیمی مسائل اور اس کا حل" منعقد ہوا۔ اس سیمینار کا مقصد اسکول اور کالج کی طالبات کو درپیش تعلیمی رکاوٹوں، وسائل کی کمی، سماجی دباؤ، کورس کے انتخاب اور اعلیٰ تعلیم کے امکانات پر روشنی ڈالنا تھا۔ پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور اردو ترجمہ سے ہوا، جس نے روحانی فضا قائم کی۔ اس کے بعد مہمانِ خصوصی اور مقررِ خاص ڈاکٹر صابرہ خاتون حنا (پروفیسر، ڈی بی کالج، رانی گنج) نے قرآن مجید کی ابتدائی وحی "اقراْ" سے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے تعلیم کی دینی حیثیت، جدید تقاضے، اور لڑکیوں کی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ڈاکٹر حنا نے اپنے خطاب میں کہا: "آج کی طالبات صرف قوم کی مائیں نہیں، بلکہ خود ایک مکمل شخصیت، رہنما، محقق اور قوم کی تعمیر میں حصہ لینے والی بن سکتی ہیں، اگر انہیں صحیح رہنمائی، مواقع اور تعاون دیا جائے۔" انہوں نے مختلف کورسز، نیٹ امتحان، اور کیریئر گائیڈنس کے حوالے سے عملی مشورے دیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیمی راہ میں اگر گھر، ادارے اور معاشرہ مثبت کردار ادا کریں تو بچیوں کی ترقی یقینی ہے۔ پروگرام کا اہم حصہ وہ سوال و جواب کا سیشن تھا جس میں طالبات نے اعلیٰ متحانات، نیٹ امتحان، اسکالرشپ، اور دیگر اعلیٰ تعلیم سے متعلق مواقع پر سوالات کیے۔ ڈاکٹر حنا نے نہایت مدلل اور رہنمائی بھرے جوابات دیے، جس سے طالبات کو مستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد ملی۔ پروگرام کی نظامت ڈاکٹر عائشہ شیخ نے نہایت خوش اسلوبی، شائستگی اور علمی انداز میں انجام دی۔ ان کی پُراثر میزبانی اور نپی تلی گفتگو نے پروگرام کو نہایت پراثر اور منظم بنایا۔ شرکاء نے ان کے اسلوبِ نظامت کو سراہا۔

اس بامقصد پروگرام میں حاجی قدم رسول ہائی اسکول کی معلّمہ محترمہ فرحت ناز سمیت کئی تعلیمی شخصیات تو گارجین موجود تھیں۔ طالبات نے بھرپور شرکت کی اور موضوع سے متعلق اہم سوالات پیش کیے، جس سے ان کی علمی دلچسپی اور بیداری کا مظاہرہ ہوا۔

پروگرام کو کامیاب بنانے میں وحدت اسلامی ہند کی خواتین کارکنان نے کلیدی کردار ادا کیا۔ شرکاء نے اس سیمینار کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی اس طرح کے پروگرام منعقد کیے جائیں تاکہ طالبات نہ صرف اپنی تعلیم بلکہ خوداعتمادی اور کردارسازی کے میدان میں بھی مضبوط ہو سکیں۔

رانی گنج میں مارواڑی ریلیف سوسائٹی کو جدید ایمبولینس عطیہ رام اوتار بجوریا خاندان کی جانب سے انسانیت کی خدمت میں اہم قدم

رانی گنج، 15 جون: رانی گنج کی معروف فلاحی تنظیم مارواڑی ریلیف سوسائٹی اسپتال کو ہفتہ کے روز ایک جدید سہولیات سے آراستہ ایمبولینس عطیہ کی گئی۔ یہ ایمبولینس شہر کے معروف تاجر آنجہانی رام اوتار بجوریا کے خاندان کی جانب سے پیش کی گئی، جس کی باوقار تقریب میں عوامی نمائندوں، سماجی کارکنوں اور مختلف اداروں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اس موقع پر رانی گنج کے ایم ایل اے تاپس بنرجی نے کہا کہ شہر کے لوگ خدمتِ خلق میں ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔ انہوں نے ایمبولینس کے بہتر استعمال اور نگہداشت پر بھی زور دیا۔ آسنسول رام کرشن مشن کے سوامی سومائتماجی مہاراج نے اپنے خطاب میں سوامی ویویکانند کے افکار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "انسانی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے"۔ انہوں نے کہا: "انسان خالی ہاتھ آتا ہے، روتے ہوئے آتا ہے، لیکن عمل ایسا ہو کہ جاتے وقت زمانہ روئے۔"

آسنسول میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین امر ناتھ چٹرجی نے کہا کہ رانی گنج میں سماجی شعور مسلسل ترقی پذیر ہے۔ انہوں نے مختلف طبقات سے ایسے رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی۔ وہیں رانی گنج بورو 2 کے چیئرمین مزمل حسین شہزادہ نے کہا کہ ترقی کی راہ میں رکاوٹیں آتی ہیں، مگر سماج کے لیے اخلاص اور لگن کے ساتھ کوششیں جاری رکھنی چاہئیں۔ صحافی و دانشور بیمل دیو گپتا نے کہا کہ شہر کی ترقی کے لیے اجتماعی سوچ اور عملی قدم ناگزیر ہیں۔ بی جے پی منڈل صدر شمشیر سنگھ، ٹی ایم سی ٹاؤن صدر روپیش یادو اور بجوریا خاندان کی نمائندگی کرتے ہوئے سنجے بجوریا نے بھی سامعین سے خطاب کیا۔ سنجے بجوریا نے کہا کہ خدمتِ خلق ان کے خاندان کی روایت رہی ہے اور وہ آئندہ بھی ایسے کاموں کے لیے تیار رہیں گے۔ تقریب میں پردیپ بجوریا، پون بجوریا سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔ نظامت آر پی کھیتان نے کی، جو اسپتال کے چیف ایڈوائزر ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسپتال میں کم خرچ میں اعلیٰ طبی سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، اور بیوہ خواتین کو راشن، پانی اور طبی سہولیات بلا معاوضہ دی جارہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مخیّر حضرات کے تعاون سے جدید علاج کی سہولیات میں اضافہ کیا جارہا ہے۔

نعمت پور: ترنمول کی جانب سے تقریباً 5000 راہگیروں کو ٹھنڈا مشروب اور پانی کی فراہمی

آسنسول: 15رجون،(عوامی نیوز سروس): پچھلے 2 ہفتوں سے شدید گرمی سے پریشان عام لوگوں سے شروع ہوکر گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور مسافروں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے ترنمول کارکنان اور حامی انہیں کچھ راحت دینے کے لیے سڑک پر نکل آئے آسنسول میونسپل کارپوریشن کلٹی کے وارڈ نمبر 61 ترنمول کونسلر بادل پوتنڈی کی قیادت میں نعمت پور نیو ترنمول کانگریس کے دفتر میں عام لوگوں، گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور مسافروں کو مٹھائی کے ساتھ ٹھنڈا پینے کا پانی فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا کونسلر بادل پوتنڈی نے کہا کہ تقریباً 5 ہزار عام لوگوں کو میٹھا اور ٹھنڈا پانی فراہم کیا گیا کلٹی بلاک ترنمول بلاک صدر کنچن رائے، مقامی ترنمول لیڈر کھوکن سین گپتا اور بہت سے دوسرے لوگ بھی پروگرام میں موجود تھے۔

مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں!

لوگ دلت کے نام پر خاندان کو سیاست میں بڑھا رہے ہیں

مظفر پور ریپ کیس میں لڑکی کو وقت پر طبی سہولت نہیں ملنے پر منگل پانڈے استعفیٰ دیں: پرشانت کشور

پورنیہ (محمد عرفان کامل) مظفر پور ریپ کیس پر پی کے نے منگل پانڈے سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا کہا بتانا پڑے گا کہ لڑکی کو وقت پر طبی سہولیات کیوں نہیں ملیں اگر نہیں بتا سکتے تو عہدہ چھوڑ دیں۔ پی کے نے اشوک چودھری اور شمبھوی چودھری پر حملہ کیا، کہا اشوک چودھری بتائیں انہوں نے دلت بچوں کی تعلیم کے لیے کیا کیا، یہ لوگ دلت ہونے کے نام پر اپنے خاندان کو سیاست میں آگے لے جا رہے ہیں۔ پی کے نے راہل گاندھی کو کھلا چیلنج دیا، کہا۔ لالو یادو نے بابا صاحب امبیڈکر کی تصویر کے سامنے پاؤں رکھ دیے تھے، راہل گاندھی میں ہمت ہے تو مخالفت کریں۔ جن سوراج کے معمار پرشانت کشور اپنی بہار بدلاؤ یاترا کے تحت مختلف اضلاع اور بلاکس میں لوگوں سے مسلسل بات چیت کر رہے ہیں اور مقامی صحافیوں سے بھی بات کر رہے ہیں اسی اپی سوڈ میں آج انہوں نے مظفر پور میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا جن سوراج کی سیاسی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 2 اکتوبر 2024 کو جن سوراج مہم نے پارٹی کی شکل اختیار کی اور آج پورے وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ صرف 5-6 ماہ میں سیاسی تنظیم کے طور پر جان سوراج سے بڑی تنظیم کسی جماعت کے پاس نہیں ہے اگر اعداد و شمار کی بات کریں تو 1 کروڑ لوگوں نے مل کر یہ پارٹی بنائی ہے اور تقریباً تین سے چار لاکھ لوگ 10 روپے ماہانہ ممبر شپ فیس ادا کر کے پارٹی کے بنیادی ممبر بن رہے ہیں بہار بدلاؤ یاترا کے بارے میں معلومات دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہار میں مکمل انقلاب اور نظام کی تبدیلی کے مقصد سے بہار بدلاؤ یاترا کا آغاز 20 مئی کو جے پی کی جائے پیدائش سیتابدیارہ سے کیا گیا تھا یاترا کا مقصد بہار کے لوگوں کو نظام کی تبدیلی کے لیے آگاہ کرنا ہے۔ مظفر پور ریپ کیس پر پی کے نے منگل پانڈے سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا کہا انہیں بتانا پڑے گا کہ لڑکی کو وقت پر طبی سہولیات کیوں نہیں ملیں نہیں بتا سکتے تو عہدہ چھوڑ دیں مظفر پور کے کدھنی میں ایک نابالغ دلت لڑکی کی عصمت دری کے واقعہ پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دلت نابالغ لڑکی کی عصمت دری کا واقعہ لرزہ خیز ہے۔ اور اس کے بعد، انہوں نے پی ایم سی ایچ کی لاپرواہی کی وجہ سے اس کی موت کے لئے براہ راست وزیر صحت منگل پانڈے کو ذمہ دار ٹھہرایا جان سوراج اور پرشانت کشور سب سے پہلے وزیر صحت کی ناکامیوں کے خلاف آواز اٹھانے والے تھے یہاں تک کہ کوویڈ کے وقت جب بہار کے لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا تو منگل پانڈے وزیر صحت تھے اگر کدھنی کی بچی کی موت پی ایم سی ایچ کی غفلت سے ہوئی تو وزیر صحت بتائیں کہ بچی کو بروقت طبی سہولیات کیوں نہیں ملیں۔ اور اگر وہ یہ نہیں بتا سکتے تو فوری طور پر اپنے عہدے سے مستعفی ہو جائیں۔ پی کے نے اشوک چودھری اور شمبھاوی چودھری پر حملہ کیا، کہا۔ اشوک چودھری بتائیں انہوں نے دلت بچوں کی تعلیم کے لیے کیا کیا یہ لوگ دلت ہونے کے نام پر اپنے خاندانوں کو سیاست میں آگے لے جا رہے ہیں۔ پرشانت کشور نے جے ڈی یو لیڈر اشوک چودھری اور ایم پی شمبھوی چودھری کے ان پر کئے گئے تبصروں پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کسی سے ذاتی لڑائی نہیں ہے۔ ہماری لڑائی اس سوچ سے ہے کہ چند خاندانوں کے لوگ ہی ایم ایل اے اور ایم پی بنیں جہاں تک سمستی پور یا کسی اور سیٹ سے الیکشن لڑنے کا تعلق ہے جن سورج 243 سیٹوں پر الیکشن لڑ رہے ہیں ہم کچھ دن پہلے کلیان بیگھہ کے ہرنوت گئے اور وہاں بتایا کہ وزیر اعلیٰ نے اپنے گاؤں کے لوگوں کے لیے بھی کچھ نہیں کیا اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہم کسی سے ڈرنے والے نہیں ہیں اشوک چودھری نے حال ہی میں کہا تھا کہ ان کا خاندان میری عمر سے زیادہ سیاست میں ہے اور یہ بالکل درست ہے لیکن یہ لوگ دلت ہونے کے نام پر سیاست کر رہے ہیں اور صرف اپنے خاندان کو آگے لے جا رہے ہیں انہیں یہ بھی بتانا چاہئے کہ اگر ان کا خاندان تین نسلوں سے سیاست میں ہے تو انہوں نے دلت بچوں کی تعلیم کے لئے کیا کیا؟ ذات پات کی مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق، آج بھی صرف 3 فیصد دلت بچے 12 ویں پاس کرنے کے قابل ہیں پی کے نے راہل گاندھی کو کھلا چیلنج دیا، کہا۔ لالو یادو نے بابا صاحب امبیڈکر کی تصویر کے سامنے پاؤں رکھ دیے تھے، راہل گاندھی میں ہمت ہے تو مخالفت کریں۔ اس کے ساتھ ہی پرشانت کشور نے اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کو چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ اگر راہول گاندھی میں ہمت ہے تو وہ لالو یادو کے ذریعہ بابا صاحب امبیڈکر کی توہین کی مخالفت کریں ہر جگہ وہ کہتے ہیں ڈرو مت، ہم بھی ان سے کہتے ہیں کہ لالو جی سے مت ڈرو اور آگے آ کر ان کی مخالفت کرو بہار میں کانگریس پارٹی کی صورتحال پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہار میں کانگریس ہی وہ پارٹی ہے جو لالو جی اور ان کی پارٹی کے جھنڈے کو ڈھوتی ہے اگر کانگریس میں ہمت ہے تو وہ اپنے بل بوتے پر الیکشن لڑے۔

مغربی بنگال کے سلی گوڑی میں نالندہ کے ماہرین تعلیم کو اعزاز سے نوازا گیا

بہارشریف (مرشد دسنوی) پرائیویٹ اسکول اینڈ چلڈرن ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے میریٹ ہوٹل، سلی گڑی کے کورٹیارڈ میں منعقدہ 13 ویں قومی کونسل میٹ میں اعزاز سے نوازا گیا۔ اس پرمسرت موقع پر مہمان خصوصی آئی جی وکاس ویبھو (بہار) رکن پارلیمنٹ (کٹیہار) محمد طارق انور اور تنظیم کے قومی صدر ڈاکٹر شمائل احمد سمیت کئی معززین موجود تھے۔ یہ تقریب 14 جون سے آج 16 جون 2025 تک جاری رہے گی۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد پری اسکول سہولت کاروں اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے ہنرمندی کا تربیتی پروگرام تھا۔ پری اسکول اساتذہ کو تربیت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں سرٹیفکیٹ بھی فراہم کیے جائیں گے۔ اس کانفرنس میں جن ماہرین تعلیم کو اعزاز سے نوازا گیا ان میں ڈاکٹر سنجے کمار، امیش پرساد، اجے کمار، راجیو رنجن، سنجے کمار پربھاکر، رنجیت کمار، وشواناتھ پرتاپ سنگھ، لال بہادر شاستری، کانتی کماری، جینتی کماری سنہا، کانتی کماری اور راج گورو شامل تھے۔ نالندہ کے تمام معزز ماہرین تعلیم نے متفقہ طور پر "بنیادی زندگی کی مہارتیں" "سماجی اور جذباتی نشوونما"، "لسانی مہارتیں"، "جسمانی تعلیم" وغیرہ سکھانے کے بارے میں بات کی۔ اس کے ساتھ ساتھ والدین کو بچوں پر اچھے نمبر حاصل کرنے کے لیے ضرورت سے زیادہ دباؤ نہیں ڈالنا چاہیے بلکہ ان کی مہارت کی نشوونما پر بھی توجہ دینی چاہیے۔ اس سیمینار کے ذریعے نالندہ ضلع میں بھی بچوں کو نئے تعلیمی نظام کے ذریعے تعلیم دی جائے گی۔ جس سے ضلع کے والدین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

مفت آپریشن کے بعد 10 مریضوں کی بینائی بحال

چھپرہ (اے این بی) لائنز کلب چھپرہ سارن کے زیر اہتمام اتوار کو شہر میں ایک خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا اور 10 ضرورت مند آنکھوں کے مریضوں کے موتیا کے آپریشن مفت کیے گئے۔ یہ آپریشن آئی کیئر سنٹر میں بہار کے مشہور ماہر چشم اور ضلع 322 ای (بہار و جھارکھنڈ) کے سابق ضلع گورنر ڈاکٹر ایس کے پانڈے نے کیا۔ انہوں نے فیکو طریقہ کی جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مذکورہ آپریشن کئے۔ کیمپ کا افتتاح شہر کے مشہور سرجن ڈاکٹر اے کے ترپاٹھی، ڈاکٹر سنتوش کمار پانڈے اور سیما پانڈے نے مشترکہ طور پر کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ایس کے پانڈے نے بتایا کہ آنے والے دنوں میں موتیا بند کے 100 بے سہارا مریضوں کا مفت آپریشن کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ چھپرہ میں 11 لائنز کلب ہیں اور تمام کلبوں کے بینر تلے آنے والے دنوں میں 10-10 موتیا بند کے مریضوں کا مفت آپریشن کیا جانا ہے۔ اس آپریشن کے بعد تمام مریضوں کو ناشتے کے ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ مستفید نے لائنس کلب چھپرہ سارن کی کوششوں کی تہہ دل سے تعریف کی۔ ان کا کہنا تھا کہ اب دنیا کو دیکھنا آسان ہو جائے گا۔ راما دیوی، دھروپتی دیوی، رامیشور پرساد، آشا دیوی، سمتری دیوی، سوکائی رائے، کامیشور رائے، محمد عرفان، رشیدہ خاتون، ہریندر سنگھ نے بھی اس نیک کام کے لیے کلب کا شکریہ ادا کیا۔ کیمپ کی کامیابی میں بیریندر ناتھ گپتا، اجے سنہا، سنیل کمار، راج کمار سنگھ، دلیپ چورسیا، ڈاکٹر ایس ایس پانڈے، ساکیت، باسودیو نارائن پانڈے سمیت آئی کیئر سنٹر کے تمام اہلکاروں نے بھرپور تعاون کیا۔

نالندہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے ٹریفک نظام پر شدید برہمی کا اظہار کیا

بہارشریف (مرشد دسنوی) نالندہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا ایک اہم اجلاس دیپ نگر کے ملن میرج ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بہارشریف شہر کے خراب ٹریفک نظام پر گہری تشویش اور برہمی کا اظہار کیا گیا۔ میٹنگ کی صدارت کرنے والے اسوسی ایشن کے کنوینر دیپک کمار نے بتایا کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف ٹریفک کے ساتھ ماضی میں کئی بار میٹنگیں کی گئیں، جہاں مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اس کے باوجود ابھی تک کوئی ٹھوس پیش رفت نہیں ہوئی۔ ایسوسی ایشن کے صدر انیل کمار اکیلا نے کہا کہ بہارشریف صرف کاغذوں پر اسمارٹ سٹی بن کر رہ گیا ہے۔ یہاں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ پولیس کا نظام بھی بہت کمزور ہے۔ ہوٹل اینڈ میرج ہال ایسوسی ایشن کے سکریٹری منیش یادو نے اسمارٹ سٹی پروجیکٹ کو لوگوں کی محنت کی کمائی کی ایک منصوبہ بند لوٹ مار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ سوہ سرائے جیسے علاقوں میں بے دریغ تجاوزات کے درمیان ٹریفک سگنلز لگائے گئے ہیں۔ کمرشل عمارتوں، دکانوں، ہوٹلوں اور شوروم سے گزشتہ سال کے بقایاجات پر بھاری سود ڈال کر 300 فیصد تک پراپرٹی ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے جس کی سبب کاروباری دنیا شدید بحران کا شکار ہے۔ میٹنگ میں ایسوسی ایشن کے سینئر ممبران دنیش کمار کیشریا اور راجکمار پرساد نے کاروباری مفادات کے تحفظ کے لیے ایک بڑے پیمانے پر عوامی تحریک چلانے کا اعلان کیا جس کی تمام موجود اراکین نے حمایت کی۔

جے ڈی یو نے پی ایم اور سی ایم کی سیوان ریلی کی تیاریوں کا جائزہ لیا

چھپرہ (اے این بی) ضلع جے ڈی یو کے دفتر میں تنظیم انچارج رنو جے کمار اور ضلع صدر الطاف عالم راجو کی قیادت میں ایک جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی سیوان کے جسولی میں آمد کی تیاریوں کا بنیادی طور پر جائزہ لیا گیا۔ تنظیم کے انچارج مسٹر کمار نے کہا کہ سیوان اجلاس تاریخی ہوگا۔ ضلع کے جے ڈی یو کارکنان بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ ضلع صدر مسٹر راجو نے کہا کہ جے ڈی یو کارکنوں اور قائدین نے میٹنگ کی کامیابی کے لئے اپنی پوری طاقت لگائی ہے۔ میٹنگ کی صدارت ریول گنج بلاک صدر پون سنگھ نے کی اور صدر بلاک صدر ستیہ نارائن سنگھ نے اس کی نظامت کی۔ میٹنگ میں اسمبلی انچارج سندیش مہتو، مہیش سنگھ، ڈاکٹر وشال سنگھ راٹھور، پشوپتی ناتھ پٹیل، کاظم رضا رضوی، منوج پٹیل، انجینئر پربھاش شنکر، بھولا سنگھ، نوری خاتون، شانتی دیوی، سنجیت کمار، صدام حسین، گڈو خان، دینا ناتھ مہتو، رام چندر رام وغیرہ موجود تھے۔

مدرسہ بورڈ کے چیئرمین اور سکریٹری کو 11 نکاتی تجاویز سونپی گئی

سیتامڑھی (اے این بی) مدرسہ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (ایم ڈی او) کے وفد نے ریاست کے معاون اور غیر امدادی مدارس کے زیر التواء مسائل کے حل کے حوالے سے مدرسہ بورڈ کے چیئرمین اور سکریٹری کو 11 نکاتی ڈیمانڈ لیٹر دیا۔ جس میں 205 اور 609 کیٹیگریز کی تنخواہ بند اساتذہ کی فائل کو محکمہ تعلیم کو جلد از جلد بھیج کر محکمہ تعلیم کو اہم مطالبات بھیجے جائیں تاکہ ان کی تنخواہ کی ادائیگی کا عمل مکمل کیا جا سکے، 1646 اور 339+2 نان ایڈڈ مدارس کی فائلیں جلد محکمہ تعلیم کو بھیجی جائیں۔ وہ مدارس جس کے ذریعے مینیجنگ کمیٹی کی منظوری کے لیے مدرسہ بورڈ کو درخواست دستیاب کرائی گئی ہے، انہیں جلد ہی دستیاب کرایا جائے، مدارس میں اساتذہ کی مسلسل خالی جگہ کی وجہ سے کئی مدارس اور بہت سے مدارس میں پائے گئے ہیں۔ مدارس صرف ایک یا دو اساتذہ باقی ہیں۔ اساتذہ کی بحالی خالی آسامیوں پر کی جانی چاہیے، مدارس کی تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے، طلبہ کو مفت نصابی کتابیں فراہم کرنے کے لیے، طلبہ کو حکومت کی جانب سے طلبہ کو مفت نصابی کتابیں فراہم کی جائیں، 1128 کیٹیگری کی طرح باقی تمام امدادی مدارس کو کمپیوٹر فراہم کیا جائے، معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے نصاب کا جائزہ لیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے آگاہ کرنے کے لیے ایک مہم شروع کی جانی چاہیے، 19 اپریل 2022 کو دستی 2022 کی قرارداد نمبر 397,396,395 میں ترمیم کی جانی چاہیے، حافظ کے سرٹیفکیٹ کو مولوی کے برابر درجہ دیا جانا چاہیے۔ تاکہ ان کی ترقی اور تنخواہ میں فرق کا مسئلہ حل کیا جا سکے، ملازم اساتذہ، کلرک، مدارس میں بحال کیے گئے احکامات کو بھی حکومت کی طرف سے سالانہ تنخواہ میں اضافہ، ہاؤسنگ الاؤنس، اور سکول کے اساتذہ کے تناسب سے میڈیکل الاؤنس دینے کی سفارش کرنی چاہیے، 1128 زمرہ۔ ای پی ایف کا فائدہ ریگولر اساتذہ تک پہنچانے کے لیے حکومت کی طرف سے سفارش ہونی چاہیے۔ مدرسہ بورڈ کے صدر اور سیکرٹری نے تمام نکات پر یقین دلایا کہ آپ کے مطالبات جائز ہیں، اس پر جلد ہی کوئی حل تلاش کیا جائے گا۔ ڈیمانڈ لیٹر وقف کرنے سے پہلے، سلیم پرویز کا صدر کے طور پر نامزد ہونے پر شال۔ ٹوپی اور گلدستہ کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ سید الفتح احمد عرف مہتاب عالم، ایم ڈی او کے جنرل سکریٹری، کنوینر محمد شفیع انصاری، ریاستی ترجمان محمد مناظر السلام، الطاف حسین، مبشر عالم، محمد اجمل، پرویز عالم اور دیگر موجود تھے۔

گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران ایس یو وی کار سے غیر قانونی آتشیں اسلحہ اور کارتوس برآمد، 3 گرفتار

بہارشریف (اے این بی) نالندہ پولیس کپتان بھارت سونی نے بیک وقت مہم چلانے کے حکم کی روشنی میں شہر کے سوہ سرائے پولیس نے ہفتے کے روز دیر شام سوہ سرائے چوک پر گاڑیوں کی چیکنگ مہم چلائی جس میں ایک ایس یو وی 500 کار کی تفتیش کے دوران تین افراد مشکوک پائے گئے تو پولیس نے ان تینوں کو حراست میں لے لیا جس کے بعد پولیس نے گاڑی کی پوری چھانوین کی اور پوچھے جانے پر ایک افراد مان پور تھانہ علاقہ سے، دوسرا سرمیرا تھانہ علاقہ سے اور تیسرا گوپال گنج ضلع سے بتایا۔ گاڑی کی مکمل تلاشی لینے پر ایک پستول، دو میگزین، ایک دیسی ساختہ پستول اور 10 زندہ کارتوس اور چار موبائل برآمد ہوئے، جنہیں قبضے میں لے لیا گیا اور ابتدائی پوچھ گچھ میں انہوں نے بتایا کہ وہ زمین کے تنازع پر نکی کمار کی جانب سے زمین پر قبضے کے لیے جگت پور تھانہ چنڈی جا رہے تھے اس درمیان میں وہ تفتیش کے دوران پولیس کی گرفت میں آ گئے۔ تینوں کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور تمام نکات پر تفتیش کی جا رہی ہے۔ گرفتار شدگان میں بہارشریف کے پون کمار، گوپال گنج کے کنال پانڈے عرف انکت سنگھ فی الحال کلکتہ اور مان پور تھانہ کے شبھم راج فی الحال بہارشریف شامل ہیں۔ برآمد ہونے والے سامان میں ایک کالے رنگ کی XUV 500 کار، ایک پستول اور دو خالی میگزین، ایک دیسی ساختہ پستول اور 10 زندہ کارتوس، 11 ہزار روپے، 4 اینڈرائیڈ موبائل وغیرہ شامل ہیں۔

نالندہ میں جھونپڑی نما مکان سے ذہنی معذور لڑکی کا کنکال برآمد، علاقہ میں خوف و ہراس

بہارشریف (مرشد دسنوی) نالندہ میں لڑکی کا کنکال ملنے سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ لاش جھونپڑی نما گھر سے ملی ہے۔ واقعہ سارے تھانہ علاقہ کے بھیکھنی بیگھہ گاؤں کا ہے۔ واقعے کی اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو اپنی تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے صدر ہسپتال بہارشریف بھیج دیا اور معاملے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔ متوفی کی شناخت آنجہانی راما شنکر پرساد کی 25 سالہ بیٹی پرینکا کماری کے طور پر کی گئی ہے۔ ذرائع سے موصولہ اطلاعات کے مطابق متوفی اپنی والدہ کے ساتھ گھر میں اکیلی رہتی تھی۔ ماں بیٹی دونوں ذہنی طور پر معذور تھیں۔ گاؤں والوں نے ماں بیٹی کی پرواہ نہیں کی۔ راما شنکر پرساد کا انتقال 20 سال پہلے ہو چکا تھا۔ گھر سے بدبو آنے پر گاؤں والوں نے سارے تھانہ پولیس کو اطلاع دی۔ گاؤں والوں کو شبہ ہے کہ لڑکی کی موت 15 سے 20 دن پہلے بھوک کی سبب ہوئی ہوگی۔ دونوں ماں بیٹی بھیک مانگ کر اپنا گزر بسر کرتی تھیں۔ جبکہ مقتول کی والدہ تاحال لاپتہ ہیں۔ اس کا کوئی خاندانی رشتے دار نہیں ہے۔ گاؤں والوں کو شبہ تھا کہ متوفی کی لاش کو جنگلی جانوروں نے کھایا ہوگا! لیکن سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ جب موت کو اتنے دن گزر چکے ہیں اور کسی کو اس کی کوئی پتا نہیں چلی، تو دوسری بات یہ ہے کہ جب کنکال ملا تو یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ کنکال لڑکی کا ہے یا اس کی ماں کا؟ جو کہ تحقیقات کا معاملہ ہے، کیا ایسا ہے؟ جس جگہ سے کنکال ملا ہے وہاں سے تدفین میں استعمال ہونے والا مواد بھی ملا ہے۔ اس کے ساتھ بدفعلی کر کے اسے قتل کرنے کے بعد زنجیر سے گھیر کر دروازہ بند کر دیا گیا ہوگا۔ ادھر سارے تھانہ صدر ریتو رنجن نے بتایا کہ بھوک کی سبب موت کا خدشہ ہے۔ کیونکہ ماں اور بیٹی ذہنی طور پر بہت کمزور تھی۔ کنکال کو پوسٹ مارٹم کے لیے بہارشریف بھیج دیا گیا ہے۔ موت کی واضح وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد ہی معلوم ہو سکے گی۔ سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ جس ملک میں 80 کروڑ لوگوں کو حکومتی راشن مل رہا ہے۔ اس ملک میں آج بھی بھوک سے لوگوں کا موت انتہائی تشویشناک ہے۔ یہ معاملہ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے آبائی ضلع نالندہ کے استھانواں بلاک کا ہے۔

نیوکریم گنج گیا میں بزم اشرف کے دوسرے غیر طرحی مشاعرے کا انعقاد

گیا (اے این بی) "بزم اشرف" کا دوسرا غیر طرحی مشاعرہ اتوار کو سید شاہ ممشاد اشرف کی رہائش گاہ واقع عمران کالونی روڈ نمبر 5 نیو کریم گنج گیا میں دن کے 10 بجے منعقد کیا گیا کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز رہے سجادہ نشیں خانقاہ کریمیہ استاذالشعراء سید شاہ غفران اشرفی نظامت کے فرائض خالق حسین پردیسی نے ادا کیے۔ مشاعرہ کا آغاز غلام مصطفی مضطر کے تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جن شعراء کرام نے شرکت کی ان کے اسماء گرامی ان کے نمونہ کلام کے ساتھ پیش کیے جا رہے ہیں۔ سید شاہ غفران اشرفی

دیکھا ہے تجلی ترے رخسار کی جب سے
دل ہائے پریشان ہے سر کانپ رہا ہے
خالق حسین پردیسی

شرم آتی ہے تو آنچل کو گرا لو رخ پر
انگلی دانتوں میں دبانے کی ضرورت کیا ہے
نوشاد ناداں

جسے ضرورت ہے روشنی کی
نہ جانے سورج سے کیوں خفا ہے
ڈاکٹر آفتاب عالم اطہر

شاہ سمنان کرم اپ کا گر ہو جائے
ہم گنہگاروں کا فردوس میں گھر ہو جائے
غلام مصطفی مضطر

رسول پاک کی سنت نبھا رہے ہیں آپ
خدا کا شکر ہے بکری چرا رہے ہیں آپ
مہتاب احمد مہتاب

سونے کا کیوں نہ ہوا سے ٹھوکر لگا دے تو
دیتا ہے گر تجھے کوئی سکہ اچھال کے
میم نازش

ماں بھائی درجنوں رشتے ہیں اس جہان میں
ہر باپ سب رشتوں کا باپ ہے
ڈاکٹر سلطان احمد بیلہ

دنیا میں کرونا سے ہے بیزار زمانہ
اس روگ میں ہے اج گرفتار زمانہ
افسر جمال افسر

دوستو انصاف پرور آب عدالت بھی نہیں
فیصلہ دیتی ہے آب تو وہ بھی مذہب دیکھ کر
قاری انیس فریدی نوادہ

ظلم کی شاخ نہ پھولے گی نہ پھل پائے گی
یہ شجر وہ ہے جو چھاؤں نہیں دینے وال
قاری عمران آزاد رہبری

منزل ضرور پائے گا اتنا یقین رکھ
راہ خدا میں چل کے کبھی دیکھ بھی تو لے

ان کے علاوہ ڈاکٹر غلام سرور
محمد فیروز عالم تابش اشرف
فیضی درویش اشرف محمد شمیم
عالم گیر اشرفی افروز عالم مختار عالم مہتاب اشرف عارفین اشرف
سہراب خان وغیرہ موجودرہ کر مشاعرہ کو کامیاب بنایا۔

ہائیوا کی زد میں آکر جمعدار کی موت

گیا (اے این بی) ضلع کے وشنو پد تھانہ علاقے میں ہائیوا کی زد میں آکر ایک شخص کی موت ہو گئی۔ پولیس ذرائع نے اتوار کو بتایا کہ کیکھو گھری ٹانڈ بائی پاس کے قریب ایک ہائیوا نے اسکوٹی سوار کو ٹکر مار دی جس کی وجہ سے اسکوٹی سوار کی موقع پر ہی موت ہو گئی۔ اس کے بعد مشتعل لوگوں نے آگ جلا کر سڑک کو جام کر دیا۔ مشتعل افراد نے ٹرک کو آگ لگا دی۔ فائر بریگیڈ کے پہنچنے کے بعد آگ پر قابو پایا جا سکا۔ متوفی کی شناخت مدن پور دیوی استھان محلہ باشندہ پرکاش داس کے طور پر ہوئی ہے، جو گیا میونسپل کارپوریشن میں جمعدار کے طور پر تعینات تھے، ایک ماہ قبل ہی وارڈ 46 میں ان کی ڈیوٹی لگائی گئی تھی۔ اس سلسلے میں وشنو پد تھانہ انچارج دھرمیندر کمار نے بتایا کہ سڑک حادثے کی اطلاع مقامی لوگوں نے دی، جس کے بعد پولیس موقع پر پہنچی۔ ہائیوا کا ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب رہا، جس کی گرفتاری کے لیے چھاپے ماری کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈرائیور کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ پولس پورے معاملے کی جانچ کر رہی ہے۔

گھریلو تنازع میں خاتون کی خودکشی

چھپرہ (اے این بی) سارن ضلع کے دریاپور تھانہ علاقے میں گھریلو تنازعہ میں ایک خاتون نے خودکشی کر لی ہے۔ پولیس ذرائع نے اتوار کو یہاں بتایا کہ راجاپور گاؤں باشندہ اجے مانجھی کی اہلیہ سریتا دیوی (32) نے گھریلو تنازعہ میں سنیچر کی دیر شام پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ گھر والوں کو واقعے کا علم اس وقت ہوا جب وہ کافی دیر تک اپنے کمرے سے باہر نہیں آئی تو گھر والوں نے کھڑکی سے جھانکا تو اس کی لاش پھندے سے لٹکی ہوئی دیکھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے صدر اسپتال بھیج دیا ہے۔ پولیس متوفیہ کے اہل خانہ کی جانب سے موصولہ درخواست پر ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات کر رہی ہے۔

سمستی پور: مزدور کا گولی مار کر قتل

سمستی پور (اے این بی) ضلع کے حسن پور تھانہ علاقے میں مجرموں نے ایک مزدور کو گولی مار کر قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع نے اتوار کو یہاں بتایا کہ ضلع کے رام پور گاؤں کے رہنے والا مزدور چتر نجن پاسوان (22) ہفتہ کی رات بازار میں کام کرنے کے بعد ایک دوسرے ساتھی کے ساتھ سائیکل پر گھر واپس آ رہا تھا۔ اس دوران مجرموں نے اسے رام پور ترشول چوک کے قریب گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قتل کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے سمستی پور صدر اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ معاملے کی جانچ کی جا رہی ہے۔

سمستی پور: ماہر تعلیم رام دیو مہتو کا انتقال

سمستی پور (اے این بی) جن وادی لیکھک سنگھ کے سکریٹری اور ممتاز ماہر تعلیم ڈاکٹر رام دیو مہتو کا آج صبح بہار کے سمستی پور ضلع میں انتقال ہو گیا۔ ان کی عمر تقریباً 71 برس تھی۔ ڈاکٹر رام دیو مہتو کا اتوار کی صبح شہر کے موہن پور آزاد کالونی میں واقع ان کی رہائش گاہ پر انتقال ہوا۔ ڈاکٹر رام دیو مہتو کے انتقال پر بہار اسمبلی میں مارکسی کمیونسٹ پارٹی (سی پی آئی۔ایم) قانون ساز پارٹی کے لیڈر اجے کمار اور سی پی آئی۔ ایم لیڈر شاہ جعفر امام سمیت مختلف تنظیموں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔

بے ہوش ملے نوجوان کی علاج کے دوران موت

سمستی پور (اے این بی) سمستی پور ضلع کے متھرا پور او پی تھانہ حلقہ کے ساری گاؤں کے نزدیک سڑک کنارے بے ہوشی کی حالت ملے نوجوان کی صدر اسپتال میں علاج کے دوران موت ہو گئی۔ مہلوک کی پہچان سمستی پور شہر کے گھوش لین محلہ کے دلیپ کمار کے طور پر کی گئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مہلوک شہر کے گاندھی گلی میں ڈانس کلاس چلاتا تھا۔ ملی جانکاری کے مطابق دلیپ آج صبح اپنے گھر سے نکلا تھا جو کہ ساری گاؤں کے نزدیک بے ہوشی کی حالت میں ملا۔ لوگوں نے نوجوان کو بے ہوشی کی حالت میں دیکھ کر اسکی اطلاع متھرا پور تھانہ کی پولیس کو دی۔ اطلاع ملتے ہی متعلقہ تھانہ کی پولیس موقع پر پہنچی اور نوجوان کو اٹھا کر صدر اسپتال لایا جہاں علاج کے دوران اسکی موت واقع ہو گئی۔ اس ضمن میں مہلوک کی ماں نے بتایا کہ دلیپ آج صبح اپنے دوستوں کے ساتھ گھر سے نکلا تھا جو کہ ساری گاؤں میں سڑک کنارے بے ہوشی کی حالت میں ملا۔ پولیس اسے علاج کے لئے صدر اسپتال پہنچایا جہاں علاج کے دوران اسکی موت ہو گئی۔ اہل خانہ نے قتل کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ ادھر پولیس نے مہلوک کی لاش کو اپنے قبضے میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لئے سمستی پور صدر اسپتال بھیج دیا اور معاملے کی تحقیقات شروع کی۔

بورڈ اور کمیشن کے ارکان کی نامزدگی پر اعزازیہ تقریب

سمستی پور (اے این بی) مقامی لوہیا آشرم میں جنتا دل یونائیٹڈ (جے ڈی یو) تعلیم سیل کے ضلع صدر راجیو کمار مشرا کی جانب سے جے ڈی یو سمستی پور سے بورڈ اور کمیشن میں نامزد کیے گئے افراد کے اعزاز میں ایک اعزازیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر جے ڈی یو سمستی پور ضلع صدر وبیس نکاتی پروگرام کے نائب صدر ڈاکٹر درگیش رائے کو بہار ریاستی سنسکرت بورڈ کا رکن، مولانا اظہار اشرف کو مدرسہ بورڈ کا رکن، اپسرا مشرا کو بہار ریاستی خواتین کمیشن کی صدر اور نرملا جیوتی کو بہار چائلڈ رائٹس پروٹیکشن کمیشن کا رکن نامزد ہونے پر اعزاز سے نوازا گیا۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سوموار، ۱۶ر جون ۲۰۲۵ء

اسرائیل نے ایران پر حملہ کرکے

یواین چارٹر سے غداری کی ہے

اسرائیل نے ایران کی جن نیوکلیائی تنصیبات پر سینکڑوں کی تعداد میں بم برسائے تھے اس حملے کے بعد حالات سنگین دکھائی دے رہے ہیں، نیوکلیائی تنصیبات کے قریبی علاقوں میں ہر لمحہ موت کی دستک سنائی دے رہی ہے۔ ویسے تو ایران نے نیوکلیائی تابکاری مادوں کی رسائی سے انکار کیا ہے لیکن اقوام متحدہ کی انٹلی جنس کی رپورٹ کوئی اور ہی کہانی پیش کر رہی ہے جس میں بتایا گیا کہ ایران میں بہت بڑی تعداد میں انسانی جانوں کا ضیاع ہونے والا ہے کیونکہ ایٹمی رساؤ بہت ہی خطرناک ہے اور ساتھ ہی تباہی کا اندیشہ بھی ہے۔ اسرائیل نے 13 جون کو ایران میں واقع نیوکلیائی تنصیبات کو نشانہ بنایا تھا اور وہ ٹھکانے جو بہت ہی پوشیدہ تھے اور عام لوگوں کے خواب وخیال میں بھی وہ ٹھکانے نہیں آسکتے تھے لیکن اسرایل نے ان ٹھکانوں پر تاک کر حملہ کیا جس سے یہ شبہ پیدا ہو چلا کہ موساد (اسرائیلی خفیہ ایجنسی) نے ایران میں بھی اپنے جاسوس چھوڑ رکھے ہیں اور ان جاسوسوں کی مدد سے ان خفیہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ایران کی محکمہ خفیہ اور پاسداران اسلام نے ایسے چند جاسوسوں کی شناخت بھی کرلی ہے لیکن لوگوں کو اس پر بڑی حیرت ہے کہ خود ایرانی اپنے ملک کے خلاف جاسوسی کر سکتے ہیں۔ ایران کا یہ دعویٰ کہ اسرائیلی جنگی طیاروں کا حملہ صرف اوپری سطح پر ہوا ہے جس سے نیوکلیائی تابکاری مادوں کی رسائی تک کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔ ویسے اسرائیلی حملے میں اعلیٰ فوجی قیادت کی ہلاکت کے بعد نئے فوجی سربراہان کی تقرری کردی گئی ہے۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نئے عسکری سربراہوں کی تقرری کا اعلان بھی کردیا ہے جس میں لفٹننٹ جنرل عبدالرحیم موسوی، کو مسلح افواج کا نیا چیف آف اسٹاف مقرر کیا ہے اور دیگروں کو بھی نئے عہدے دیئے ہیں۔ اسرائیلی حملے کے بعد ایرانی حملے نے وزیراعظم اسرائیل بنجامن نیتن یاہو کو حواس باختہ کردیا ہے جب اسرائیل کے مختلف شہروں بشمول تل ابیب میں نیتن یاہو کے خلاف احتجاجی جلوس نکالے گئے اور ان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ فی الفور اپنے عہدے سے استعفیٰ دیں۔ اسرائیلی عوام کا کہنا ہے کہ حماس نے اسرائیل پر پہلے حملے کیا تھا، جواباً اسرائیلی حملے کے بعد آج تک کسی بھی اسرائیلی نے آواز نہیں اٹھائی لیکن یہاں تو اسرائیل نے ایران پر حملہ کرکے ایران کو موقع دیا ہے کہ وہ بھی اپنی حسرت پوری کرکے دیکھ لے اسرائیل، ایران کی حالت بھی فلسطین جیسا کردینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ایران، اسرائیلی جنگ کے پیش نظر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ہنگامی اجلاس طلب کیا جس میں ایرانی سفارت کار امیر سعید ایروانی نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت واضح طور پر ریاستی دہشت گردی ہے۔ انہوں نے پاکستان اور دیگر ممالک کی حمایت کا خیر مقدم بھی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر اسرائیلی حملہ بین الاقوامی قوانین اور یواین چارٹر کی خلاف ورزی ہے اسرائیل نے امریکہ کی مدد سے ایران میں کئی مقامات پر حملے کئے ہیں۔ اسرائیل نے عالمی ایٹمی ایجنسی کے زیر نگرانی رہنے والی نطنز تنصیبات پر بھی حملے کئے نطنز تنصیبات پر حملے کے بعد تابکاری پھیلنے سے روکی نہیں جاسکتی۔ اسرائیلی جارحیت واضح طور پر ریاستی دہشت گردی ہے۔ اسرائیلی حملے میں 78 ایرانی شہید ہوئے ہیں۔ اسرائیل نے تاک کر رہائشی علاقوں میں بم گرائے جس میں شہید ہونے والوں کی زیادہ تعداد خواتین اور بچوں کی ہے۔ پاکستانی سفارت کار عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیلی مسلسل جارحیت اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ صہیونی ریاست کے اقدامات خطے میں امن کیلئے خطرہ ہیں۔ ایران کے پاس یواین چارٹر کے تحت حق دفاع موجود ہے۔ ایران کے ایٹمی معاملے کا پرامن حل نکالا جانا چاہئے۔ اس موقع پر امریکی خاتون سفارت کار نے اسرائیل کی حمایت کی اور کہا کہ اسرائیل کا حملہ یکطرفہ ہے اور اسے امریکی اعانت کا حصہ نہ سمجھا جائے۔ اسرائیل نے تو حملے سے پہلے امریکہ کو مطلع کردیا تھا اور امریکی صدر نے اعلان بھی کردیا تھا کہ اسرائیل، ایران میں بڑا حملہ کرنے والا ہے۔ لہٰذا ایران کو لازم تھا کہ وہ امریکہ کے ساتھ نیوکلیائی ہتھیار کے معاملے میں سمجھوتہ کرلیتا، لیکن ایران نے امریکہ کے ساتھ کوئی سمجھوتہ کرنے کو حقیر جانا اور اس نے اسرائیل اور امریکہ دونوں کو بدذات کہا، اس موقع پر روسوی مندوب نے کہا کہ اسرائیل خطے کو ایٹمی جنگ کی طرف ڈھکیل رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں خطرناک کشیدگی دیکھی جارہی ہے۔ انڈیا نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی ہنگامی اجلاس میں شرکت ہی نہیں کیا اور کانگریس نے اس کے لئے مودی حکومت کو سختی سے لتاڑا ہے۔ (خ الف ف)

غزہ کے سلسلے میں یو این جنرل اسمبلی کی ووٹنگ سے انڈیا غیر حاضر کیوں؟

خورشید فوازی

کانگریس نے مرکزی حکومت کو سختی کے ساتھ لتاڑا ہے جب یو این جنرل اسمبلی کے ڈرافٹ قرارداد جس میں غزہ کی تباہی و بربادی کے ساتھ شہریوں کی نسل کشی پر مذمتی بیان جاری کرنا تھا اس میٹنگ سے انڈیا نے خود کو غیر حاضر رکھا اور مذمتی قرارداد کی ووٹنگ سے علاحدگی برقرار رکھی۔ کانگریس نے جس اس سے پہلے بھی غزہ میں سیز فائر کی پکار دی تھی اس نے انڈیا کے اس طرز عمل کی مذمت کی۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ ان کی پارٹی نے 8 اکتوبر 2023 کو حماس کے اقدام کی بھی سخت مذمت کی تھی جب 7 اکتوبر 2023 کو حماس کی طرف سے میزائیلی حملے میں 1100 فلسطینی ہلاک ہوئے تھے۔ کھڑگے جو راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر بھی ہیں کہا کہ وزیراعظم مودی کو لازم ہے کہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے متعدد اقدامات کا احتساب کریں جو مسلسل غلطیوں پر غلطیاں کرتے چلے جارہے ہیں۔ انہوں نے دریافت کیا کہ کیا ہندستان نے سیز فائر کا مطالبہ، قیام امن اور بات چیت کی میز پر آنے کا حق کھو دیا ہے۔ کانگریس کی لوک سبھا ممبر پرینکا گاندھی نے بھی اپنے بیان میں کہا کہ انڈیا نے اس ووٹنگ کے موقع پر خود کو غیر حاضر رکھا اور یہ انتہائی شرمناک ہے اور مستقبل میں انڈیا کو اس سلسلے میں اطمینان بخش جواب دینے ہونگے کہ اس نے کیونکر اس مذمتی قرارداد کے موقع پر اس نے غیر حاضر رہ کر صحیح فیصلہ لیا۔ اس کی اسے کھل کر وضاحت کرنا ہوگی۔ کیونکہ یہ سوالات ابھر کر سامنے آنے والے ہیں اور مودی حکومت کو اس کو جواب دینا ہوگا۔ اب تک 60,000 سے زائد لوگ جن میں خواتین اور کمسن بچوں کی تعداد زیادہ ہے انہیں اسرائیل کے بمبار طیاروں نے موت کی نیند سلا دیا ہے، غزہ کی پوری

آبادی کو محصور کرکے انہیں بھوک پیاس سے مرنے کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے اور ہم اس سلسلے میں ایک موقف بھی اختیار نہیں کر سکتے اور ایسے موقع پر خود کو غیر حاضر رکھ کر کیا یہ سمجھ گئے ہیں کہ اب کوئی سوال نہیں کرے گا۔ کھڑگے نے کہا کہ ہم کیونکر اپنے ملک کے دستور کی صریحاً خلاف ورزی کر سکتے ہیں کیا انڈیا کے حکمراں اپنے طور پر یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ وہ جو کچھ بھی کررہے ہیں وہ بالکل قانونی ہے اور دستور ہند کے خلاف نہیں ہے۔ ہم اس قسم کی ووٹنگ سے خود کو الگ رکھ کر یہ ثابت کررہے ہیں کہ ہم ظالموں کے ساتھ ہیں۔ کیا حکومت کے موجودہ حکمراں یہ بھول چکے ہیں کہ ماضی میں ہم نے کیا کیا اقدامات کئے اور کس طرح سے ہندستان کا نام بلند رکھا۔ لیکن موجودہ حکمراں تو ہندستان کا نام مٹی میں ملا دینے کے درپے ہو چکے ہیں۔ کانگریس کے سنئیر موسٹ لیڈر کے سی وینو گوپال نے کہا کہ ہم اس حقیقت سے واقف ہیں کہ موجودہ حکمراں نہرو جی کو وہ تعظیم نہیں دیتے جو انہیں دینی چاہئے لیکن یہ لوگ ایسے ہیں کہ وہ اٹل بہاری واجپئی کے اصولوں سے بھی منحرف ہو چکے ہیں اور اس حقیقت کو یکسر فراموش کر چکے ہیں کہ فلسطین کے معاملے میں واجپئی جی کی پالیسی کیا تھی۔ پون کھیرا نے کہا کہ وہ ایک دن بھی تھا جب ہندستان فلسطین کے شانے بشانے کھڑا تھا اور ہندستان نے فلسطین کو ایک ریاست کے طور پر تسلیم کیا تھا اور 1974 کی یہ بات ہے لیکن آج انڈیا تل ابیب کے سامنے جھک گیا ہے۔ مودی جو ہر معاملے میں خاموشی اختیار کئے رہتے ہیں یہ خاموشی انہیں کبھی بھی گلوبل لیڈر نہیں بننے دیگی۔

راشٹرواد کے مدعیان ہی راشٹردروہی ہیں

بینام گیلانی

ہندو مہاسبھا کی کوکھ سے جنم لینے والی ہندو وادی تنظیم آر ایس ایس والوں کی زبان پر راشٹرواد کا نعرہ زیب نہیں دیتا ہے۔ لیکن افسوس کہ عہد حاضر میں یہی لوگ خود کو سب سے ممتاز راشٹر وادی تصور ہی نہیں کرتے ہیں۔ بلکہ بڑی ہی بیشرمی سے بہت بڑے پیمانے پر تشہیر بھی کرتے نظر آتے ہیں۔ ان کی تشہیر کے انداز سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ کل ہند پیمانے پر حقیقی راشٹر وادی صرف اور صرف یہی لوگ ہیں۔ ماندہ لوگ تو راشٹر وادی کیا ہندوستانی ہی نہیں ہیں۔ یہ لوگ صرف اور صرف آر ایس ایس اور بی جے پی سے منسلک افراد ہی کو راشٹر وادی تسلیم کرتے ہیں۔ حیرت انگیز امر تو یہ ہے کہ یہ خود دیگر افراد کو راشٹر وادی ہونے کی سند دیتے ہیں۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ خود کہیں سے اور کسی طرح بھی راشٹر وادی نظر نہیں آتے ہیں۔ افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ راشٹرواد تا کیا ہے، انہیں اس امر کا علم ہی نہیں ہے۔ ان کے مطابق جو ساورکر اور گولوکر کے ہندوتوا واد کا پیروکار ہے۔ صرف وہی راشٹر وادی ہے۔ بقیہ سب دیش دروہی (غدار وطن) ہیں۔ اب انہیں یہ کون سمجھائے کہ ہندوستان دنیا کا پہلا جمہوریہ ہے اور یہاں کا نظام حکومت آج بھی جمہوری ہے۔ بلکہ اگر یہ کہا جائے تو شاید غلط نہیں ہوگا کہ ہندوستان کی شناخت یہی جمہوریت، گنگا جمنی تہذیب اور باہمی رواداری رہی ہے جسے یہ ہندوتوا وادی زبردست طریقے سے نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اتنا کچھ ہونے کے بعد بھی سب سے عظیم راشٹر وادی (قوم پرست) ہونے کے مدعی ہیں۔ اسے وطن عزیز کی کم نصیبی پر محمول نہ کیا جائے تو اور کیا کیا جائے۔ صد افسوس کہ یہ لوگ کذب گوئی و اداکاری میں اس قدر ماہر ہو چکے کہ چشم زدن میں مطلق جھوٹ کو اپنے گودی میڈیا کے ذریعہ بالکل سچ ثابت کردیتے رہتے ہیں۔ ان کے اس عمل میں مقامی انتظامیہ سے لے کر حکومت وقت کے علاوہ عدلیہ کا تعاون بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ انجام کار عوام گمرہی کے شکار ہو جاتے ہیں۔ ان کے زرخرید ذرائع ابلاغ کی مسلسل ومتواتر کذب گوئی سے وطن عزیز کو جوزیاں سے دوچار ہونا ہوتا ہے۔ اس کا نہ کوئی اندازہ انہیں ہے اور نہ ہی وہ اسے محسوس کر سکتے ہیں۔ عظیم راشٹر وادی ہونے کے دعویداروں کو ایسی باتوں سے کوئی غرض ہی نہیں ہے۔ ارباب اقتدار کو صرف اپنے اقتدار کی حفاظت سے غرض ہے اور ان کے اندھ بھکتوں کو صرف اپنا زاتی مفاد مقدم ہے۔ انہیں نہ ہندوتوا سے کوئی قرض ہے اور نہ ہی قومیت و قومی مفاد سے۔ شاید یہی سبب ہے کہ بڑے بڑے پل منہدم ہو گئے، بڑی بڑی نوتعمیر عمارتیں قیام کے لائق نہیں رہیں، بڑا بڑا قرض لے کر بڑے بڑے سرمایہ داروں کا ہندوستان سے فرار ہونا اور ان بینکوں کا دیوالیہ کے دہانے پر کھڑا ہونا بھی ارباب اقتدار کو کچھ سوچنے اور سمجھنے پر مجبور نہیں کر سکا۔ کیا یہ متذکرہ بالا حقائق اس امر کو ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں ہیں کہ موجودہ ارباب اقتدار کو نہ ہندوتوا سے کوئی غرض ہے اور نہ ہی قومیت وقوم پرستی سے کوئی سروکار ہے۔ ناچیز جو رقم کررہا ہے وہ بس یوں ہی نہیں ہے بلکہ یہ ثابت ہے۔ مثال کے طور پر یہ ہندو دھرم کے رکھوالے ہونے کا دعویٰ کرنے والوں کے عہد حکومت میں ترقی کے نام پر صرف کاشی میں کم وبیش 350 منادر منہدم کر دئے گئے پھر بھی محافظ ہندوتوا کہلا رہے ہیں۔ اورنگزیب عالمگیر نے کل 12 مندر کو منہدم کروایا اسی کے باہم کئی مساجد کو بھی منہدم کروایا جیسا کہ تاریخ کی کتابوں میں درج ہے۔ پھر بھی وہ ہندو دشمن ثابت کئے جارہے ہیں اور صرف ایک شہر میں 300 منادر منہدم کروانے والے دیش بھکت اور ہندو دھرم کے محافظ کہے جارہے ہیں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ یہ انصاف تو احقر کی قوت فہم سے پرے ہے۔ خود ہندو سماج موجودہ حکومت سے کیوں نہیں استفسار کرتا ہے کہ آخر تم کس منہ سے خود کو ہندو دھرم کے محافظ کہتے ہو۔

اب جہاں تک آر ایس ایس اور بی جے پی کے قوم پرست اور راشٹر وادی ہونے کا سوال ہے تو یہ محض ایک بھرم ہے۔ یہ لوگ راشٹر وادی اور محب ہندوتوا ہو ہی نہیں سکتے۔ کیونکہ یہ نہ راشٹر کے لئے برسر اقتدار آئے ہیں اور نہ ہی ہندو دھرم کی حفاظت کے کئے۔ یہ لوگ تو صرف اور صرف منوسمرتی کو پوری طرح سارے ہندو سماج پر تھوپنے کے لیے آئے ہیں۔ علاوہ ازیں مسلمانوں اور عیسائیوں کو مرتد بنانے کے لئے آئے ہیں جس کی اساس 1920 میں سوامی دیانند سرسوتی نے شدھی تحریک کی صورت میں رکھیر کھی تھی۔ انہوں نے یہ تحریک شدھی تحریک چلائی تھی جس کا مقصد عین ہی مسلمانو اور عیسائیوں کو مرتد بنانا تھا۔ گو کہ ارض ہند پر دیگر مذاہب کے پیروکاران بھی تھے مثلاً سکھ ہو، یہودی یا آتش پرست کے علاوہ جین اور بودھ بھی تھے۔ لیکن دیانند سرزستی کا اصل ہدف مسلمان اور عیسائی ہی تھے۔ کیونکہ یہی دونوں ابادی کے لحاظ سے کچھ مستحکم حالت میں تھے جو برہمن واد کو چیلنج کرنے کے اہل تھے۔ یہی سبب تھا کہ یہ دونوں قومیں دیانند سرسوتی اور ان کے حامیوں کی آنکھ کا کانٹا بنی ہوئی تھیں۔ اب چونکہ وطن عزیز میں ہندو اکثریت میں ہیں۔ چنانچہ جس طرح ان برہمن وادیوں نے بودھوں کا قتال کیا اور ماندہ بودھوں کو ملک بدری کے لئے مجبور کیا۔ عین اسی طرح ان کا منصوبہ بھی تھا کہ مسلمانوں اور عیسائیوں کو بھی قتل کردیا جائے یا پھر ارتداد پر مجبور کر دیا جائے۔۔ حالانکہ انہیں اس کے لئے کافی وقت مل گیا تھا۔ کیونکہ ہندوستان 1947 میں آزاد ہوا تھا اور آئین ہند کا نفاذ 1950 میں عمل میں ایا۔ یعنی ان ظالم دشمنان اسلام کو مکمل 30 سالوں کا موقع دستیاب ہوا۔ پھر بھی وہ اپنے مقصد کی جانب پیش قدمی سے باز رہے۔ اس کا سبب یہ تھا کہ اس وقت کے مسلمانان ہر میدان عمل میں مستحکم حالت میں تھے۔ چنانچہ یہ لوگ اکثریت میں رہ کر بھی مسلمانوں سے نبرد آزما ہونے کی جسارت نہیں کر سکیتھے۔ مسلمانان ہند اقتصادی وعلمی وعملی وسیاسی طور پر کافی مستحکم حالت میں تھے۔ مسلمانوں کا یہ استحکام اولا اہل حکومت کو گوارہ نہیں ہوا اور رفتہ رفتہ اہل حکومت ایوانوں میں مسلمانوں کی تعداد کم کرنے لگے۔ اس دور میں مسلمانوں نہ اپنی کوئی نے اپنی کوئی بڑی اور مضبوط سیاسی پارٹی ہی تشکیل دے سکے۔ اور نہ ہی حکومت ہند سے کوئی خاص اختیار ہی حاصل کر سکے جس طرح ہندوؤں کے نچلے طبقے کو حاصل ہوا۔ ہاں کئی ملی تنظیمیں تشکیل دے سکے تھے۔ لیکن وہ ملی تنظیم بیسود رہیں۔ سیاسی جماعت کے طور پر مسلمانوں کو کوئی شناخت نہ خود دے سکے اور نہ ہی دلا سکے۔ وہ خواہ جماعت اسلامی ہو یا جمعت العلماء ہند ہو۔ سب کی سب غیر سیاسی جماعتیں تو تھیں لیکن کانگریس کے زیر اثر تھیں۔ اس کانگریس نے مسلمانوں کو سیاسی طور پر برباد کیا۔ لیکن ان مسلم تنظیموں کے سربراہان وارکان کی فہم میں کانگریس کی یہ گھناؤنی سازش نہیں آئی اور یہ لوگ کانگریس کے معاون بنے رہے۔ اس طرح اپنی سیاسی پامالی کے ذمہدار خود مسلمان ہی ہیں۔ اب جب مسلم مخالف سیاسی جماعت بی جے پی برسر اقتدار آئی ہے تو یہ کھل کر مسلم دشمنی پر اتر آئی ہے۔ یہ ہر طرح سے مسلمانوں کو برباد کرنے کے درپے ہے۔ خیر اس سے کیا شکوہ یہ تو ثابت شدہ مسلم دشمن ہے۔ اب اگر اس سے یا اس کی معاون سیاسی جماعت سے کوئی مسلمان نیکی کی امید رکھتا ہےتو یہ اس کی دیوانگی ہی ہوگی۔ یہ جتنا بھی مسلم مخالف عمل ہے۔ وہ 1920 کے دیانند سرسوتی کی شدھی تحریک کے تحت ہے جسے ان بی جے پی والوں نے راشٹرواد کا نام دے رکھا ہے جو حقیقتاً راشٹرواد نہیں بلکہ ملک دشمنی پر مبنی ہے۔ راشٹرواد کا مفہوم یہ ہے کہ ہمارے کسی بھی عمل سے وطن عزیز کا کسی بھی قسم کا کچھ بھی زیاں نہ ہو۔ لیکن حالات یہ ہیں کہ بی جے پی ہی نہیں بلکہ حکومت ہند کے بیشتر فیصلے یا اقدام سے اقلیم ہند کو بڑے بڑے خسارے سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔ یوں تو ان کا ہر قدم بظاہر مسلم مخالف ہوتا ہے جسے یہ لوگ راشٹرواد ٹھہرانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس کے بہانے ناجائز کو بھی جائز قرار دے دیتے ہیں۔ لیکن ان اقدام کا بغائر نظر جائزہ لیا جائے تو ہر قدم ملک مخالف نظر آئے گا۔ وہ لوگ مسلمانوں کی تباہی و بربادی و قتال کو بھی حقیقتاً راشٹرواد کہنے میں ذرہ برابر بھی تامل سے کام نہیں لیتے ہیں اور ہندوتوا کے تحفظ کے لئے انہیں ناگزیر تصور کرتے ہیں۔ ان کی فہم میں شاید یہ امر داخل ہی نہیں ہوتا ہے کہ مسلمانوں کا جانی و مالی نقصان بھی وطن عزیز کا ہی نقصان ہے۔ یہ تو بس یہی سمجھ سکتے ہیں کہ مسلمانوں کو نقصان پہنچا کر اسلام پر ضرب لگائی ہے۔ جس سے اسلام کمزور اور غیر مستحکم ہوگا۔ افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ راشٹرواد اور راشٹر ہت کیا ہے یہ ان ہندوتوا وادیوں کو معلوم ہی نہیں ہے۔ یہ جس ہندوتوا کا وضیفہ پڑھتے رہتے ہیں۔ دراصل وہ ہندوتوا ہے ہی نہیں۔ ان کی فہم میں یہ حقیقت آتی ہی نہیں ہیکہ اگر یہ خالص ہندوتوا وادی ہوتے تو کاشی کے علاوہ کئی شہروں میں اتنے منادر کو منہدم نہیں کرواتے اور اگر یہ گئو ماتا کو اپنی ماتا تسلیم کرتے تو سلاٹر ہاؤس نہیں چلنے دیتے۔ ہاں یہ سلاٹر ہاؤس سونے کا انڈا دینے والی مرغیاں ضرور ہیں۔ جن سے یہ لوگ جھولی بھر بھر کر چندہ وصولتے ہیں۔ اب کوئی یہ بتانے کی زحمت گوارہ کریگا کہ کیا یہی راشٹرواد ہے یا اسی طرح گئو ماتا کی رکچھا ممکن ہے یا اس طرح ہندوتوا کی حفاظت کی جا سکتی ہے۔ یہ راشٹرواد کے مدعیان حقیقت میں نہ راشٹر وادی ہیں اور نہ ہی ہندوتوا وادی۔ یہ ان ہی آریوں کی اولادیں ہیں جنہوں نے باہر سے آکر دراوڑوں پر جبرو ظلم واستبداد کر کے ان کی ساری معیشت پر قابض ہوئے اور ان لوگوں پر شدت سے وار کر کے انہیں غلامی کرنے پر مجبور کر دیا پھر بعد میں بودھوں کے ساتھ بھی وہی سب کام انجام دیا جو دراوڑوں کے ساتھ انجام دیا تھا۔ ہاں بودھوں کو بیتحاشہ جانی نقصان پہنچایا گیا۔ کیونکہ انہوں نے غلامی قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ موت کو گلے لگانا پسند کیا لیکن ارتداد قبول نہیں کیا۔ ناچیز سمجھتا ہے کہ اس مضمون سے راشٹر وادیوں کی حقیقت اور کردار سمجھنے میں ضرور مدد ملے گی۔

benamgilani@gmail.com

کبھی نہرو نے پارلیمنٹ میں ایک رکن پارلیمنٹ سے معافی مانگی تھی اور وہ شخص بلک بلک کر رونے لگا

ہندوستانی جمہوریت کی تاریخ میں بہت سے جذباتی اور تاریخی لمحات درج ہیں لیکن ایک ایسا واقعہ ہے جو آج بھی لوگوں کو جذباتی کر دیتا ہے۔ ہم بات کر رہے ہیں ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی جنھوں نے ایک بار پوری پارلیمنٹ میں ایک رکن پارلیمنٹ سے معافی مانگی اور وہ رکن اسمبلی اپنی جگہ پر بلک بلک کر رونے لگا۔ یہ واقعہ 1961 کا ہے جب پنڈت نہرو نے ساگر سے کانگریس کیرکن پارلیمنٹ جوالا پرساد جیوتشی کو ڈانٹ پلائی تھی۔ درحقیقت جبل پور میں پیش آئے اوشا بھارگو واقعہ کی وجہ سے ساگر میں بھی فسادات پھوٹ پڑے۔ وزیراعظم نہرو ان ہنگاموں سے بہت ناراض ہوئے اور جب پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہوا تو ان کا سامنا ساگر کانگریس کے رکن پارلیمنٹ جوالا پرساد جیوتشی سے ہوا۔ انہیں دیکھ کر پنڈت نہرو بہت غصے میں آگئے اور جوالا پرساد سے کہا، 'تمہاری موجودگی میں فسادات ہوئے، تم خود کیوں نہیں مر گئے'۔ وزیر اعظم کی اس ڈانٹ سے جوالا پرساد کو بہت صدمہ ہوا اور انہوں نے اپنا استعفیٰ وزیراعظم کو پیش کرتے ہوئے فسادات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ اس کے لیے ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی جس کی سربراہی اندرا گاندھی نے کی۔ کمیٹی نے ساگر میں فسادات کی تحقیقات کر کے رپورٹ وزیر اعظم کو سونپی۔

جب کمیٹی کی رپورٹ پارلیمنٹ میں پیش کی گئی تو پنڈت نہرو نے ایوان کے اندر رکن پارلیمنٹ جوالا پرساد جیوتشی سے معافی مانگی۔ دراصل، اس رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ ساگر میں فسادات رکن پارلیمنٹ کی کوششوں سے ہی رکے تھے۔ انہوں نے فوج کے ساتھ گھر گھر جا کر امن قائم کرنے کی بہت کوششیں کیں جس سے فساد کی آگ میں جل رہا ساگر پرسکون ہو گیا۔ جب پنڈت نہرو نے پورے ایوان میں جوالا پرساد سے معافی مانگی تو جوالا پرساد ایوان میں ہی رونے لگیں۔ اسے روتا دیکھ کر نہرو نے کہا، 'میں آپ سے معافی مانگ رہا ہوں اور آپ رو رہے ہیں۔' جوالا پرساد نے جواب دیا، 'پنڈت جی، ملک کے وزیر اعظم مجھ سے معافی مانگ رہے ہیں۔'

1961 میں جبل پور کی ایک 20 سالہ لڑکی اوشا بھارگوا کو اغوا کر کے غیر انسانی طریقے سے زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ اوشا نے بالآخر اس ہولناک واقعے سے پریشان ہو کر خودکشی کر لی۔ اسپتال میں علاج کے دوران اس کی موت ہوگئی۔ اوشا بھارگوا کے ذریعہ نامزد ملزم کا خاندان بہت بااثر تھا جس کی وجہ سے پولیس کارروائی میں تاخیر ہوئی۔ پولس کے اس لاپرواہ رویے کی وجہ سے جبل پور میں فسادات پھوٹ پڑے تھے۔

☆

تذکرۂ حضرت ابوالعارف شاہ سید شفیع اللہ حسینی القادری الملتانیؒ

پروفیسر ابوزاہد شاہ سید وحید اللہ حسینی القادری الملتانی
کامل الحدیث جامعہ نظامیہ، M.A
((OsmM.Com Ph.D

انسانی معاشرے سے وابستہ افراد و اشخاص کو زندگی کے مختلف مواقع و مراحل پر اصلاح وتربیت کی ضرورت درپیش ہوتی ہے اسی لیے قرآن مجید نے رہبران الٰہی، شان و جلالت میں دوسرے لوگوں سے بلند و اعلی مقام کے حامل انبیاء کرام، مرسلین، بزرگان دین اور مقبول وجلیل قدر بندوں کی زندگی کا مطالعہ کرنے کی ترغیب دلائی ہے تاکہ ان اولوا العزم بندگان خدا کی سیرت کا مطالعہ کرنے سے مسلمانوں کو ان مقدس ہستیوں کی اتباع میں اطاعتِ خدا، اطاعتِ رسول، اظہارِ عبودیت اور جلالِ خداوندی سے ہر لمحہ ترساں ولرزاں رہنے کا سلیقہ وطریقہ آجائے اور وہ فرائض و واجبات کے علاوہ مستحبات و مندوبات کو بھی ان کے آداب وشرائط کے ساتھ ادا کرنے کو اپنے لیے حرز جاں بنالے۔ یہ اللہ تعالی کی وہ برگزیدہ شخصیات ہیں جنکی کتابِ زندگی کا ہر ورق روحانیت کے انوار سے منور رہتا ہے جنہوں نے بلندئ مدارج کے باوجود اللہ تعالی کی بندگی کو ہی اپنی زندگی کا سرمایۂ افتخار سمجھا۔ ماہ ذی الحجہ کو کئی بزرگان دین سے نسبت حاصل ہے جنہوں نے گمراہی کے دلدل میں دھنسے ہوئے لوگوں کو صراط مستقیم دکھائی، حسن اخلاق کی چاشنی سے بدکرداری کی نحوست کو دور کیا، عمدہ واعلی کردار کی خوشبو سے بداخلاقیوں کا خاتمہ کیا اور علم کے نور سے جہالت کی تاریکی کو چاک کیا۔ انہی عظیم المرتبت شخصیات میں معاملہ فہم و حساس، صاحب بصارت وبصیرت، پیشوائے عارفین و شیخ طریقت والدی و مرشدی حضرت ابو العارف شاہ سید شفیع اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف بہ حضرت عارف پاشاہ صاحب قدس سرہ العزیز کا شمار ہوتا ہے۔ آپؒ کا سن پیدائش 1354/1940 ہے۔ آپؒ نے سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کی مشکبار علمی وعرفانی فضاء میں آنکھ کھولی۔ آپؒ کی پرورش انتہائی مہذب اور علمی ماحول میں ہوئی۔ آپؒ کا ننھیالی تعلق حیدرآباد دکن کے مشہور ومعروف طبیب حکیم میر ابراہیم علی صاحبؒ سے ہے۔ آپؒ اپنے دادا حضرت ابو العرفان شاہ سید احمد عارف حسینی القادری الملتانی المعروف بہ میاں قبلہؒ (سابق سجادہ نشین درگاہ امام پورہ شریف) کے برادرانِ خرد حضرت ابو المعالی شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانی (ثانی) المعروف بہ حضرت صاحباں پاشاہؒ (خلیفہ حضرت میاں قبلہؒ) وحضرت ابوالفضل شاہ سید اسماعیل حسینی القادری الملتانیؒ، اور والد گرامی حضرت ابوالقاسم شاہ سید عبدالوہاب حسینی القادری الملتانی المعروف بہ حضرت وہاب پاشاہ صاحبؒ (فرزند اکبر حضرت میاں قبلہؒ وسابق سجادہ نشین درگاہ امام پورہ شریف) اور چچا حضرت شاہ سید عبداللطیف حسینی القادری الملتانیؒ (فرزند اصغر حضرت میاں قبلہؒ)، حضرت ابو العلیم شاہ سید عبدالرحیم حسینی القادری الملتانی (ثانی) المعروف بہ جانی پاشاہ صاحبؒ (فرزند اکبر حضرت صاحباں پاشاہؒ) اور پروفیسر ابو الحسنات شاہ سید عطاء اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف حفیظ پاشاہؒ (فرزند اصغر حضرت صاحباں پاشاہؒ) کے چشمہ علم وعرفان سے خوب سیراب ہوئے۔ ان پیکران اذعان ویقین، اخلاص وتقوی اور شفیق و مہربان بزرگوں کے زیر سایہ رہکر علم وعمل، عاجزی و تواضع اور عشق ووفا کی دولت سے فیض یاب ہوئے۔ آپؒ کا سلسلہ نسب سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ (امام پورہ شریف) کے معزز ومکرم اور اکابر صوفیائے کرام، حضور سیدنا غوث اعظمؒ حسنین کریمینؓ اور حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے ہوتا ہوا حضور اکرمؐ سے جاملتا ہے اس طرح آپؒ کو حسنی اور حسینی سادات ہونے کا شرف حاصل ہے۔ قدوۂ اہل صفا حضرت عارف پاشاہؒ زبدۂ اولیاء حضرت صاحباں پاشاہ صاحبؒ کے مرید خاص اور مقتدائے کاملین حضرت وہاب پاشاہ صاحبؒ کے فرزند اکبر، خلیفہ وجانشین تھے۔ آپؒ کا نکاح سن 1962ء میں سیدہ عباسی بیگمؒ بنت حضرت سید یعقوب صاحبؒ (گتہ دار، مدفون پاکستان) سے ہوا اور آپ کو چھ صاحبزادے ہیں (i) حضرت ابوالحامد شاہ سید عبدالرزاق حسینی القادری الملتانی المعروف بہ سید منیر الدین حسینی صاحب (سجادہ نشین پنجم درگاہ امام پورہ شریف، اسم زوجہ سیدہ مزمل النساء بنت حضرت سید شاہ رحیم اللہ حسینی چشتی القادری بندہ نوازیؒ سابق سجادہ نشین ومتولی بارگاہ حضرت خواجہ سید شاہ علی حسینیؒ گیسو پلی)، (ii) حضرت ابوالنصر سید شاہ احمد عارف حسینی القادری الملتانی (ثانی) المعروف بہ معراج پاشاہ صاحب (اسم زوجہ محترمہ سیدہ نزہت فاطمہ بنت جناب سید خلیل صاحب)، (iii) حضرت ابو العالیہ سید شاہ پیر حسینی القادری الملتانی (ثالث) المعروف بہ پیر پاشاہ صاحب (اسم زوجہ محترمہ سیدہ تنویر فاطمہ بنت جناب سید خلیل صاحب)، (iv) راقم السطور (اسم زوجہ محترمہ ریحانہ سلطانہ بنت جناب محمد شمس الدین صاحب)، (v) حضرت ابو الواسع سید شاہ سمیع اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف بہ دستگیر پاشاہ صاحب (اسم زوجہ رضوانہ جنیدی بنت جناب محمد شفیع الحسن جنیدی صاحب)، (vi) حضرت ابوالحی سید شاہ صفی اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف بہ غوث پاشاہ صاحب (اسم زوجہ محترمہ عرشیہ جبین بنت جناب محمد عطاء اللہ خان صاحب مرحوم)، اور چار صاحبزادیاں ہیں (i) محترمہ سیدہ مہر النساء المعروف بہ ریحانہ (اسم زوج جناب محمد عبدالعزیز صاحب ولد محمد اسماعیل صاحب مرحوم)، (ii) محترمہ سیدہ حبیبہ قادری المعروف بہ فرحانہ، (iii) محترمہ سیدہ مظہر قادری المعروف بہ ثمینہ (iv) محترمہ سیدہ کلیم النساء المعروف بہ میمونہ (اسم زوج جناب محمد اعظم صاحب ولد جناب عبدالستار مرحوم)۔ مورخہ 20/صفر المظفر 1409 ہجری کو حضرت ابو القاسم شاہ سید عبدالوہاب حسینی القادری الملتانیؒ نے اپنے جد اعلی حضرت شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانی محقق قدس سرہ العزیز کے 103 ویں عرس شریف کے موقع پر اپنے فرزند اکبر و جانشین حضرت عارف پاشاہؒ کو خرقۂ خلافت عطا فرما کر درگاہ امام پورہ شریف کا سجادہ نشین مقرر فرمایا۔ آپؒ اپنے خاندانی وقار وتمکنت کے بڑے پابند تھے۔ آپ فطرتاً ذہین، مخلص، وسیع المعلومات، خلیق اور حلیم الطبع تھے لیکن کسی سے خلاف شرع کوئی عمل سرزد ہوتے دیکھ لیتے تو بلا تامل سخت ناراضگی کا اظہار فرماتے۔ آپؒ کا مزاج قلندرانہ، دماغ مفکرانہ اور دل صوفیانہ تھا۔ آپؒ نے سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے بزرگان دین کی زندگیوں کے عین مطابق انتہائی عاجزی اور سادگی کے ساتھ زندگی بسر فرمائی۔ آپؒ نے اہل خانہ اور وابستگان سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کی علمی، اخلاقی، اور شخصی تعمیر پر خاص توجہ فرما کر ان کے ظاہر و باطن کو قبیح عادات سے پاک کرنے اور انہیں اچھے اوصاف سے مزین کرکے معاشرے کے لیے مفید بنانے میں اپنی پوری زندگی وقف کردی۔ حضرت عارف پاشاہؒ ہی کی ظاہری، باطنی، روحانی اور عرفانی تربیت کا نتیجہ ہے کہ یہ فقیر کچھ سطور لکھنے کے قابل بنا ہے۔ آپؒ کے روحانی اثرات جو مریدین و معتقدین کے قلوب و اذہان پر مرتب ہوئے ہیں انہیں ضبط تحریر لانا ممکن نہیں۔ تلاوت قرآن مجید، نوافل کی ادائیگی نیکی کی دعوت دینے کے ساتھ مطالعہ کرنا خصوصاً کتب تصوف آپ کے شب و روز کا مشغلہ تھا جو نہ صرف آخرت بلکہ دنیا میں کامیابی کا ضامن ہے۔ علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 587/1201) فرماتے ہیں جو حصول دین میں کما حقہ کامیابی پانا چاہے وہ کثرت سے مطالعہ کرے۔ موجودہ دور میں مسلمانوں پر لازم ہے کہ تضیع اوقات والے امور میں مصروف رہنے کے بجائے بزرگان دین کی عمدہ ترین اور بہترین صفت کی مطابعت میں کتب بینی کو اپنا مشغلہ بنائیں اور قوم وملت کا نام روشن کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔ مرشد سالکان حضرت عارف پاشاہ صاحب قدس سرہ العزیز کے مطالعہ میں اکثر جو کتابیں ہوا کرتی تھیں ان میں پیران پیر، سر الاسرار حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی تصانیف غنیۃ الطالبین، فتح الربانی، فتوح الغیب، بہجۃ الاسرار، الرسالۃ الغوثیہ، حضرت ابوالحسن علی بن عثمان ھجویری غزنوی المعروف داتا گنج بخشؒ کی معرکۃ الآرا تصنیف کشف المحجوب، حضرت ابو حفص شہاب الدین سہروردی بغدادیؒ کی تصانیف منیفہ عوارف المعارف، جذب القلوب، اعلام الھدی و عقیدۃ اھل التقی، اندلس کے عظیم روحانی عالم حضرت شیخ محی الدین بن عربیؒ کی تصانیف فتوحات مکیہ، فصوص الحکم اور حضرت صوفی عبدالرحمن فتح آبادیؒ کی تصنیف مثنوی گنج راز اور سیدنا حضرت شاہ سید احمد القادری الملتانی المعروف بہ حضرت نکتہ نما شاہ قادری قدس سرہ العزیز کے والد بزرگوار سیدنا حضرت شاہ سید اسماعیل القادری الملتانی المعروف بہ حضرت بادشاہ قادری قدس سرہ العزیز کی مایہ ناز تصنیف نور الحقیقت قابل ذکر ہیں۔

حضرت عارف پاشاہؒ کی زندگی میں اس وقت ناخوشگوار موڑ آیا جب نفس پرستی، ظاہر پرستی، اور دنیا پرستی میں غرق آپ کے چچا مولوی سید وجیہ اللہ حسینی مرحوم فرزند حضرت ابو الفضل شاہ سید اسماعیل حسینی القادری الملتانیؒ (جو عمر میں حضرت قبلہ علیہ الرحمہ سے چھوٹے تھے) نے 1982ء میں دنیاوی اغراض و مقاصد کے حصول کے تحت سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے دو عظیم بزرگوں یعنی حضرت ابو العرفان شاہ سید احمد عارف حسینی القادری الملتانیؒ المعروف بہ میاں قبلہ فرزند اکبر و جانشین حضرت شاہ سید عبدالرحیم حسینی القادری الملتانی (اول) خادمؒ اور حضرت ابو المعالی شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانی (ثانی) المعروف بہ صاحباں پاشاہؒ (برادر و خلیفہ حضرت میاں قبلہؒ) کی بے ادبی اور توہین کرنے کو اپنی زندگی کی معراج سمجھ لیے تھے۔ اسی باطل خیال کو عملی جامہ پہناتے ہوئے مذکورہ بالا پیران طریقت کے اسماء گرامی کو سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے شجرہ سے نکال دیے تھے۔ مولوی معز الدین ملتانی مرحوم نے اس کارشر میں موصوف کا بھرپور ساتھ دیا تھا اور خاندان کو بدنام کرنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھی تھی۔ فن حدیث میں جب راوی اپنے استاد کو جس سے حدیث پاک سنی ہو حذف کرکے اس سے اوپر شیخ (جس سے ملاقات تو کی ہو مگر حدیث نہ سنی ہو) سے روایت کرنے کو اصطلاح میں تدلیس کہتے ہیں۔ نور وظلمات کے اختلاط کو 'الدلس' کہتے ہیں اسی لفظ سے لفظ تدلیس مشتق ہے جس کے لغوی معنی سامان کے عیب کو گاہک سے چھپانے کے ہیں۔ تدلیس کا ایک سبب انا پرستی ہے۔ علاوہ ازیں تدلیس کو شعبہ نے جھوٹ کا بھائی قرار دیا ہے اسی باعث فن حدیث میں تدلیس کو مکروہ ترین عمل تعبیر کیا جاتا ہے۔ جب شریعت میں شیخ کا نام ترک کردیا جائے تو مکروہ ترین عمل ہے تو پھر طریقت میں اس کی گنجائش کہاں سے نکل سکتی ہے۔ موصوف کا مذکورہ بالا دو اکابر شیوخ طریقت سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کا اسمائے گرامی کو حذف کرنا صرف اور صرف ان کی انا پرستی اور دنیا پرستی کو ظاہر کرتا ہے۔ لہٰذا ایسے خود غرض لوگوں کو اپنا پیرو مرشد بنانا اپنے آپ کو گمراہی کی راہوں میں ڈالنے کے مماثل ہے۔ طرفہ تماشہ یہ ہے کہ بعض ناعاقبت اندیش لوگوں نے دنیا پرست موصوف کی قبر پر گنبد بنا کر معصوم عوام کو دھوکہ دینے اور ان کی دنیا و آخرت برباد کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔ تمام لوگوں سے ادباً التماس ہے کہ جو مولوی سید وجہ اللہ حسینی مرحوم کے ہاتھ پر مرید ہوئے ہوں یا ان سے خلافت حاصل کی ہے وہ اپنی بیعت و خلافت کی تجدید کریں تاکہ بزرگان سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے روحانی فیض سے مستفید و مستفیض ہوسکیں۔ ہم سب اس حقیقت سے اچھی طرح واقف ہیں کہ دین اسلام کی تعلیمات کا ماحصل ادب ہے جو بے ادبی کا ارتکاب کرتا ہے وہ صوفی کہلانا تو در کنار مومن کہلانے کا بھی حق نہیں۔ چونکہ ایمان کے حصول کے لیے بھی ادب درکار ہے جیسا کہ حضرت سیدنا موسیٰؑ اور فرعون کے جادوگروں کے واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ جسٹس پیر کرم شاہ ازہریؒ رقمطراز ہیں: جب جادوگروں نے حضرت سیدنا موسیٰؑ کے ادب و احترام کو ملحوظ رکھا تو اللہ تعالی کو ان کی یہ ادا پسند آگئی اور ان کو نعمت ایمان سے مشرف فرمادیا بلاشبہ محبوبان خدا کا ادب کلید سعادت ہے اور ان کی جناب میں گستاخی موجب حرمان و خسران ہے۔ ہم سب کو بالخصوص وابستگان طریقت کو اس بات کو ہمیشہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ اَلتَّصَوُّفُ کُلُّہٗ اَدَبٌ یعنی تصوف تمام تر ادب کا نام ہے اور اس کا خلاصہ مرید و مراد کے ارادے کا اتحاد ہے۔ جب حضرت عارف پاشاہ قدس سرہ العزیز کو اپنے چچا کی کالی کرتوتوں کی اطلاع ہوئی تو آپؒ نے سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ امام پورہ شریف کے وقار کو برقرار رکھنے کی غرض سے عدالت سے رجوع ہوئے اور مقدمہ دائر کیا۔ مولوی سید وجہ اللہ حسینی مرحوم نے خدا کی عظیم قدرت کو فراموش کرکے علماء و مشائخین کو غلط باور کروانے، مال و دولت اور سیاسی اثر و رسوخ کا غلط استعمال کرکے اور حلف اٹھا کر جھوٹی گواہیاں دے کر عدالت سے مقدمہ جیتنے کی ہر ممکنہ کوشش کی لیکن ناکامی ہی انہیں ہاتھ لگی اور ہائی کورٹ نے ان کے اس جھوٹے دعوی کو رد کردیا جس میں انہوں نے درگاہ امام پورہ شریف کا سجادہ نشین ہونے کی بات کہی تھی۔ ایسے جھوٹے پیروں کی تربیت کے اثرات بھی منفی ہوتے ہیں چنانچہ بزرگوں کی بے ادبی اور توہین کرنا موصوف کی اولاد و احفاد اور اندھی تقلید کرنے والے مریدوں کی زندگی کا بھی طرہ امتیاز بن چکا ہے ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اپنی بزرگی میں اضافہ کرنے کے لیے لفظ سید کا بھی استعمال کرنے لگے ہیں۔ (العیاذ باللہ)۔ شارح بخاری مفتی محمد شریف الحق امجدیؒ نے ایسی لوگوں کی بابت رقم فرمایا ہے کہ "چالاک لوگوں نے دیکھا کہ سب سے آسان نفع بخش دھندہ پیری مریدی کا ہے۔ بڑھاپے میں آدمی کسی کام کے لائق نہیں رہ جاتا۔ پھر ہر کام کے لیے کچھ ہنر چاہیے، اور موجودہ دور کی پیری مریدی کے لیے کسی ہنر کی ضرورت نہیں، عوام کو شکار کرنے کے لیے صرف دماغ کی ضرورت ہے، تو ایسے لوگ جن میں نہ کوئی فضل ہے، نہ کمال ہے، نہ دین ہے، نہ دیانت ہے، لیکن مجلسی گفتگو کے بڑے ماہر ہیں، چرب زبان ہیں، انہوں نے پیری مریدی شروع کردی۔ اور یہ دیکھا کہ سید ہونے کے بعد پیری مریدی میں رنگ چوکھا آتا ہے تو سید بن بیٹھے، تاکہ بازار خوب تیز چلے"۔ اسی لیے قرآن مجید نے ہمیں حکم مخلصین، متقین، محسنین، مقربین کی صحبت بافیض اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ امام الصوفیاء حضرت سید علی بن عثمان الہجویریؒ نے اپنے شہرہ آفاق کتاب 'کشف المحجوب' میں اہل تصوف کی تین اقسام بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: (i) صوفی (ii) متصوف اور (iii) مستصوف یعنی جعلی صوفی۔ (i) صوفی وہ شخص ہوتا ہے جو وصل الٰہی کی لذتوں سے سرشار ہو جبکہ (ii) متصوف وہ شخص ہے جو اپنے پیر کامل کے بتائے ہوئے اصول کی ہر لحظہ مکمل اطاعت و فرمانبرداری کرتے ہوئے منزل مقصود کو پہنچنے کی کوشش و سعی کرتا ہے۔ (iii) مستصوف وہ شخص ہوتا ہے جو دنیوی اغراض ومقاصد کے حصول کے لیے صوفیائے کرام کا لباس اختیار کرتا ہے۔ بعض علما کرام نے صوفی کو وصولی متصوف کو اصولی اور مستوصف کو فضولی (بے کار) قرار دیا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ موجودہ مسلم معاشرے میں صوفی اور متصوف سے کہیں زیادہ مستصوفین پائے جاتے ہیں جو آسارام باپو کی طرح خود ساختہ ہوتے ہیں اسی زمرہ میں موصوف اور ان کے ساتھیوں کا شمار ہوتا ہے۔ خطبہ نکاح اور نماز جنازہ پڑھانا، معروف و مشہور مذہبی وسیاسی شخصیات کے ساتھ تصویر لینا مولوی سید وجہ اللہ حسینی مرحوم کی زندگی کا اہم مشغلہ رہا ہے۔ جنوبی ہند کے عظیم وقدیم دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ سے شائع ہونے والے سالانہ مجلہ 'انوار نظامیہ' اگست 2001ء کے شمارے میں راقم السطور کا مضمون 'سید شاہ وجیہ اللہ حسینی' کے نام سے شائع ہوا ہے جو علمی خیانت اور ادبی سرقہ کی بدترین نظیر ہے۔ شاید مولوی سید وجہ اللہ حسینی مرحوم کے پیروکاروں نے یہ سوچا ہوگا کہ اس سے کچھ سستی شہرت مل جائے گی۔ (العیاذ باللہ) حضرت ابو العارف شاہ سید شفیع اللہ حسینی القادری الملتانی قدس سرہ العزیز نے خانقاہ سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کی ساکھ کو متاثر ہونے سے بچانے اور اس کی عظمت رفتہ کو بحال کرنے کے لیے ہر ممکنہ کوشش کی اور محض رب کائنات کی قدرت پر کامل واکمل بھروسہ رکھتے ہوئے ان نام نہاد اور جعلی پیروں کے خلاف تقریباً دو دہائیوں تک قانونی جدوجہد کی اور اللہ تعالی نے اپنے حبیب مکرمؐ، اہل بیت اطہارؓ، صحابہ کرامؓ، پیران طریقت اور اولیائے عظامؒ کے صدقہ وطفیل میں شاندار کامیابی و کامرانی سے سرفراز فرمایا۔ حضرت عارف پاشاہؒ نے رزق حلال اور صدق مقال کو ہمیشہ اپنی زندگی کا معمول بنائے رکھا۔ آپؒ اپنے قول کے پختہ اور دروغ گوئی سے حد درجہ اجتناب فرمایا کرتے۔ پریشان حال اور مصیبت زدگان کی دامے درمے، قدمے اور سخنے مدد کرنا آپ کی زندگی کا وصف خاص تھا۔ آپؒ فرمایا کرتے کہ خدمت خلق اور رفاہی خدمات نہ صرف اسلامی تعلیمات کا روشن باب ہے بلکہ رب کائنات کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ خدمت خلق کی انجام دہی میں آپؒ ہمیشہ پیش پیش رہا کرتے تھے چنانچہ کنگ کوٹھی میں فٹ پاتھ پر کاروبار کرنے والوں کو پولیس ہراسانی سے بچانے اور انہیں مستقل دکان فراہم کرنے کے سلسلہ میں حکومت وقت سے کامیاب نمائندگی کی جس پر ڈی اسٹیٹ آفیسر مجلس بلدیہ حیدرآباد دار الشفاء حیدرآباد نے اس وقت کی وزیر اعظم ہند محترمہ اندرا گاندھی کے ایم پی فنڈ سے اندرا مارکٹ کے نام سے علاقہ تلی باؤلی میں 36 ملگیات تعمیر کروائیں اور برائے نام کرایہ پر عوام الناس کو الاٹ کیا گیا۔ بلالحاظ مذہب وملت آج بھی لوگ ان ملگیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ بتاریخ 2 جون 1974ء مطابق 21 جمادی الاول 1395ھ بروز دوشنبہ ان ملگیات کے سنگ بنیاد کی تنصیب کی رسم اجرا اس وقت کے وزیر اعلی آندھرا پردیش مسٹر جے وینگل راؤ نے دی اور اس تقریب کی صدارت اس وقت کے وزیر بلدی نظم ونسق مسٹر چلا سبارائیڈو نے کی تھی۔ تلی باؤلی میں ان ملگیات کی تیاری کے بعد آپ نے ممبئی میں پارسی کتب فروش کی ملازمت ترک کرکے مستقل طور پر حیدرآباد منتقل ہوگیے اور گورنمنٹ کی جانب سے الاٹ کردہ تین ملگیات میں اپنا ذاتی کاروبار شروع کیا۔ ان ملگیات کا افتتاح اس وقت کے MCH کے اسپیشل آفیسر جناب نریندر لوتھر صاحب (IAS) نے کیا۔ مشہور و معروف صحافی جناب وی۔ آر۔ زلا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ 27 مئی 1977 بروز جمعہ منعقد شدہ اس افتتاحی تقریب کی صدارت روزنامہ سیاست کے مدیر جناب عابد علی خان صاحب مرحوم نے کی تھی۔ حضرت ابو العارف شاہ سید شفیع اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف بہ عارف پاشاہ قدس سرہ العزیز نے بموقع 96 ویں عرس مبارک حضرت شاہ سید عبدالرحیم حسینی القادری الملتانی خادمؒ (فرزند دوم وجانشین حضرت شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانی محققؒ وسابق سجادہ نشین درگاہ امام پورہ شریف) بتاریخ 29/ذی القعدہ 1422 ہجری بروز چہارشنبہ حضرت مولانا سید شاہ طاہر رضوی القادریؒ (صدر الشیوخ جامعہ نظامیہ)، حضرت مولانا مفتی خلیل احمد (شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ) حفظہ اللہ تعالی، حضرت مولانا مفتی سید صادق محی الدین فہیم (نائب مفتی جامعہ نظامیہ) مدظلہ العالی اور ڈاکٹر حضرت سید شاہ ظہور الحق مجیبیؒ نبیرہ حضرت مفتی مخدوم حسینی صاحبؒ کی موجودگی میں رسمی طور پر حضرت ابو الحامد شاہ سید عبدالرزاق حسینی القادری الملتانی المعروف بہ سید منیر الدین حسینی کو خلافت سے سرفراز فرما کر اپنا جانشین اور درگاہ امام پورہ شریف کا سجادہ نشین نامزد فرمایا اور راقم الحروف کو خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ حضرت العلامہ سید شاہ طاہر رضوی القادری الجیلیؒ نے دستار بندی کی۔ 4 ذی الحجہ 1441ھ مطابق 25 جولائی 2020ء کو حضرت عارف پاشاہ صاحبؒ کا وصال ہوا۔ آپؒ کا مزار فائض الانوار درگاہ پیر قطب المشائخ حضرت شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانیؒ امام پورہ شریف میں واقع ہے۔ محلہ امام پورہ شریف شہر حیدرآباد کا وہ ممتاز و معروف علاقہ ہے جہاں سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے اکابر مشائخ اور مرشدان عظام آرام فرما ہیں۔ آپ کا عرس شریف ہر سال 04 ذی الحجہ کو زیر سرپرستی ابو الحامد شاہ سید عبدالرزاق حسینی القادری الملتانی المعروف سید منیر الدین حسینی صاحب عم فیوضہ فرزند اکبر حضرت ابو العارف شاہ سید شفیع اللہ حسینی القادری الملتانی المعروف بہ حضرت عارف پاشاہ صاحب قدس سرہ العزیز سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ سید پیر حسینی القادری الملتانی محقق قدس سرہ العزیز امام پورہ شریف و صدر نشین کل ہند مرکزی مجلس فیضان ملتانیہ حسب روایات خاندانی اور خرافات ولغویات سے پاک اور بڑی سادگی سے انجام پاتا ہے۔

قطعہ تاریخ وفات

شاہ ابوالعارف سراپا مرشدی وسیدی
صاحب نسبت وہ ملتانی کہو کہ عبقری
کہہ یا ہاتف نے انکی تاریخ وفات
روح قدسی سید شفیع اللہ حسینی قادری
1441ھ

نتیجہ فکر: پروفیسر عقیل ہاشمی صاحب، سابق صدر شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ حیدرآباد۔

☆☆☆

اہم شخصیات کی ہلاکتیں اور جوہری تنصیبات پر حملے: اسرائیل کا ایران میں 'رجیم چینج' کا ممکنہ آخری داؤ جو ایک جُوا ہو سکتا ہے

عامر اعظمی

ایران کی جوہری صلاحیتوں سے اپنے وجود کو لاحق خطرے کو جواز بنا کر جمعے کو اسرائیل نے ایران پر حملے کیے لیکن اس سے بھی آگے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو کا ایک وسیع تر مقصد ہے اور وہ ہے تہران میں حکومت کی تبدیلی۔ اس صورتحال میں انھیں امید ہوگی کہ ان غیر معمولی حملوں سے ایک سلسلہ وار ردِعمل شروع ہوگا جس کے نتیجے میں بدامنی پھیلے گی جو ایران میں اقتدار کا تختہ الٹ دے گی۔ انھوں نے جمعے کی شام ایک بیان میں کہا کہ 'اب وقت آگیا ہے کہ ایرانی عوام اپنے پرچم اور اس کی تاریخی وراثت کے گرد متحد ہو کر اس شیطانی اور جابر حکومت سے اپنی آزادی کے لیے کھڑے ہوں۔' بہت سے ایرانی شہری ملک میں معیشت کی حالت، اظہار رائے کی آزادی، خواتین کے حقوق اور اقلیتوں کے حقوق کے فقدان سے ناخوش ہیں۔ اسرائیل کا یہ حملہ ایرانی قیادت کے لیے حقیقی خطرہ ہے۔ ان حملوں میں ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے کمانڈر، مسلح افواج کے چیف آف سٹاف اور پاسدارانِ انقلاب کے کئی دیگر اعلیٰ سربراہان ہلاک ہو چکے ہیں اور اسرائیلی حملہ ابھی ختم نہیں ہوا ہے۔ ایران نے جوابی کارروائی کی اور پاسدارانِ انقلاب نے کہا کہ اس نے درجنوں اہداف، فوجی مراکز اور ہوائی اڈوں پر حملے کیے ہیں۔ صورتحال تیزی سے خراب ہوئی اور ایران کے جوابی میزائل حملوں کے بعد نتن یاہو نے کہا کہ 'مزید حملے ہونے کو ہیں۔' اس دوران ایران کے مزید رہنماؤں کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ اسرائیل اندازہ لگا سکتا ہے کہ حملے اور ہلاکتیں حکومت کو غیر مستحکم کر سکتی ہیں اور عوامی بغاوت کی راہ کھول سکتی ہیں۔ کم از کم نتن یاہو کو یہی امید ہے۔ لیکن یہ ایک جوا ہے۔۔۔ ایک بڑا جوا۔ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ ایسا کچھ شروع ہوگا لیکن اگر یہ شروع بھی ہوتا ہے تو یہ واضح نہیں ہے کہ اس کے نتائج کیا ہوں۔ ایران میں سب سے زیادہ طاقت رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو مسلح افواج اور معیشت کو کنٹرول کرتے ہیں اور اس میں سے زیادہ تر طاقت پاسدارانِ انقلاب اور کچھ دیگر غیر منتخب اداروں میں سخت گیر افراد کے ہاتھوں میں ہے۔ انھیں بغاوت کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ پہلے ہی اقتدار میں ہیں اور وہ ایران کو محاذ آرائی کی سمت میں لے جا سکتے ہیں۔ ایک اور ممکنہ نتیجہ حکومت کا خاتمہ ہو سکتا ہے جس کے بعد ایران افراتفری کا شکار ہو جائے گا۔ تقریباً نو کروڑ افراد کی آبادی کے ساتھ ملک میں ہونے والے واقعات پورے مشرقِ وسطی میں بڑے پیمانے پر اثر انداز ہوں گے۔ اسرائیل کا مطلوبہ نتیجہ ایک بغاوت لگتا ہے جس میں ایک دوستانہ قوت ملک کا اقتدار سنبھالے، لیکن یہاں ایک بڑا سوال یہ ہے کہ متبادل کون ہو سکتا ہے؟ ایرانی حزب اختلاف کی طاقتیں حالیہ برسوں میں انتہائی منقسم رہی ہیں اور یہاں کوئی واضح آپشن نہیں ہے۔ سنہ 2022 میں ہونے والی بدامنی کے بعد جسے 'ویمن لائف فریڈم' تحریک کے نام سے جانا جاتا ہے نے ایران کے زیادہ تر حصے کو ایک طوفان کی طرح اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ کچھ حزب اختلاف کے گروہوں نے ملک میں حکومت مخالف گروپوں اور کارکنوں کا اتحاد بنانے کی کوشش کی تھی۔ لیکن یہ زیادہ دیر تک نہیں چل سکا کیونکہ ان کے خیالات میں اختلافات تھے کہ اتحاد کی قیادت کون کرے گا اور موجودہ اتحاد کو گرانے کے بعد حکومت کی شکل کیا ہوگی۔ اسرائیل کے رہنما ان میں سے کچھ گروہوں یا شخصیات کو ترجیحی متبادل کے طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایران کے سابق ولی عہد رضا پہلوی، جو ایران کے سابق شاہ کے بیٹے ہیں، اور سنہ 1979 کے ایران کے اسلامی انقلاب میں ان کے والد کی حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا تھا۔ وہ جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں اور غیر ملکیوں کو اپنے مقصد کی حمایت میں قائل کرنے کے لیے سرگرم ہیں۔ انھوں نے حالیہ برسوں میں اسرائیل کا دورہ بھی کیا تھا۔ اگرچہ وہ کچھ ایرانیوں میں مقبول ہیں لیکن یہ واضح نہیں ہے کہ آیا وہ جلد ہی حکومت کی تبدیلی کے لیے ایک طاقت میں تبدیل ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ ایک مجاہدین خلق (ایم ای کے) نامی گروہ بھی ہے، جو ایک جلاوطن اپوزیشن گروپ ہے جو ایرانی حکومت کا تختہ الٹنے کی حمایت کرتا ہے لیکن بادشاہت میں واپس جانے کے خلاف ہے۔ یہ بائیں بازو کا مسلم گروپ ہے جس نے پہلے شاہ کی سخت مخالفت کی تھی۔ انقلاب کے بعد ایم ای کے عراق چلا گیا اور 1980 کی دہائی کے اوائل میں ایران کے خلاف جنگ کے دوران صدام حسین کے ساتھ شامل ہو گیا، یہی وجہ ہے کہ یہ بہت سے ایرانیوں میں غیر مقبول ہو گیا۔ یہ گروپ اب بھی سرگرم ہے اور امریکہ میں اس کے دوست ہیں، جن میں سے کچھ ڈونلڈ ٹرمپ کے کیمپ کے قریب ہیں۔ تاہم ایسا لگتا ہے کہ ٹرمپ کے پہلے دور حکومت کے مقابلے میں وائٹ ہاؤس میں اس کا اثر و رسوخ کم ہے، اس دور میں مائیک پومپیو، جان بولٹن اور روڈی جولیانی سمیت سینیئر امریکی حکام ایم ای کے کے اجتماعات میں شریک ہوئے اور حمایتی تقاریر کی تھیں۔ دوسری سیاسی قوتیں بھی ہیں جو سیکولر جمہوریت قائم کرنا چاہتی ہیں، ان سے لے کر وہ لوگ جو پارلیمانی بادشاہت کے خواہاں ہیں۔ جمعے کے روز ہونے والے حملوں کا مکمل تجزیہ کرنا قبل از وقت ہوگا لیکن گذشتہ برس ایران اور اسرائیل کے درمیان حملوں کے تبادلے کے دوران اس بات کے کوئی ٹھوس اشارے نہیں ملے تھے کہ ایرانی ان حالات کو حکومت کا تختہ الٹنے کے موقع کے طور پر دیکھتے ہیں۔ تاہم ان حملوں میں ہونے والا نقصان اب جمعے کو ہونے والے حملوں کی تباہی کے قریب تر بھی نہیں ہے۔ ہمیں یہ بھی پوچھنا چاہیے کہ اب ایران کی آخری داؤ کیا ہوگا۔ اسرائیل میں متعدد اہداف کو نشانہ بنانے کے باوجود، ایران کے پاس بہت اچھے آپشنز نہیں ہیں۔ کچھ لوگوں کی نظر میں محفوظ راستہ امریکہ کے ساتھ بات چیت جاری رکھنے اور اس سے کشیدگی کو کم کرنا ہو گا۔ لیکن جیسا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے مطالبہ کیا ہے، مذاکرات کی طرف لوٹنا ایران کے رہنماؤں کے لیے ایک مشکل انتخاب ہے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ انھوں نے شکست قبول کر لی ہے۔ دوسرا آپشن یہ ہے کہ اسرائیل کے خلاف جوابی حملے جاری رکھے جائیں۔ ایسا لگتا ہے کہ یہ ان کا سب سے پسندیدہ آپشن ہے۔ ایرانی رہنماؤں نے اپنے حامیوں سے یہی وعدہ کیا تھا لیکن اگر حملے جاری رہے تو یہ اسرائیل کی طرف سے مزید حملوں کو دعوت دے سکتا ہے۔ تہران ماضی میں خطے میں امریکی اڈوں، سفارت خانوں اور مفادات کے مقامات کو نشانہ بنانے کی دھمکی دیتا رہا ہے۔ لیکن یہ آسان نہیں اور امریکہ پر حملہ کرنا اسے براہ راست اس تنازع میں شامل کرنا ہے جو ایران کم از کم نہیں چاہے گا۔ ان میں سے کوئی بھی آپشن کسی بھی فریق کے لیے آسان نہیں ہے اور ان کے نتائج کی پیشگوئی کرنا مشکل ہے۔ ڈھول اب چھٹی نہیں ہے اور جب یہ چھوٹ جائے گی تب ہی پتا چلے گا کہ کیا کیا بدل گیا ہے۔

(بشکریہ بی بی سی)

جی-7 میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھائیں گے: مودی

نئی دہلی، 15 جون (یواین آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے اتوار کو کہا کہ ان کا کناڈا، قبرص اور کروشیا کا دورہ دہشت گردی کی تمام شکلوں اور اس کے اظہار سے نمٹنے کے لیے عالمی فہم بڑھانے کا موقع فراہم کرے گا۔ تین ملکی دورے پر روانہ ہونے سے پہلے اپنے بیان میں مسٹر مودی نے کہا ''آج میں جمہوریہ قبرص، کناڈا اور کروشیا کے تین ملکوں کے دورے پر جاؤں گا۔ 15-16 جون کو صدر نیکوس کرسٹوڈولائڈس کی دعوت پر قبرص کا دورہ کروں گا۔ قبرص بحیرہ روم اور یورپی یونین میں ایک قریبی دوست ہے اور ایک اہم شراکت دار ہے۔ یہ تاریخی دورہ تعلقات کو مضبوط کرنے، تجارت، سرمایہ کاری، سیکورٹی، ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ہمارے تعلقات کو وسعت دینے اور عوام سے عوام کے تبادلے کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرے گا۔'' مسٹر مودی نے کہا'' قبرص سے، میں وزیراعظم مارک کارنی کی دعوت پر جی-7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے کناڈا کے کنانیسکس کا دورہ کروں گا۔ یہ چوٹی کانفرنس عالمی امور اور عالمی جنوب کی ترجیحات پر خیالات کے تبادلے میں مدد کرے گی۔ میں شراکت دار ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کا بھی منتظر ہوں۔'' انہوں نے کہا'' 18 جون کو، میں جمہوریہ کروشیا کے اپنے دورے اور صدر زوران میلانوویک اور وزیراعظم آندریج پلینکووچ کے ساتھ میٹنگوں کا منتظر ہوں۔ ہمارے دونوں ممالک صدیوں پرانے قریبی ثقافتی رشتوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کسی ہندوستانی وزیراعظم کے کروشیا کے پہلے دورے کے طور پر، یہ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کی نئی راہیں کھولے گا۔'' وزیراعظم نے کہا'' یہ تین ملکی دورہ سرحد پار دہشت گردی کے خلاف ہماری لڑائی میں ہندوستان کے ساتھ ثابت قدم حمایت کے لیے شراکت دار ممالک کا شکریہ ادا کرنے اور دہشت گردی کی تمام شکلوں اور اس کے اظہار سے نمٹنے کے لیے عالمی سمجھ بوجھ کو بڑھانے کا بھی ایک موقع ہے۔'' مسٹر مودی آج دوپہر قبرص پہنچیں گے اور شام کو وہاں کاروباری لیڈروں سے ملاقات کریں گے۔

☆

کیرالہ کے ہوائی اڈے پر برطانوی جنگی طیارے کی ہنگامی لینڈنگ

نئی دہلی، 15 جون (یواین آئی) برطانیہ کی بحریہ کے جنگی طیارے F-35 نے ہفتے کی رات دیر گئے کیرالہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ فضائیہ نے ہنگامی صورتحال میں اسے معمول کا واقعہ قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق برطانوی بحریہ کے اس جنگی طیارے نے ہفتے کی رات ہند بحرالکاہل کے علاقے میں تعینات برطانوی طیارہ بردار بحری جہاز سے معمول کی پرواز پر اڑان بھری تھی لیکن خراب موسم اور ایندھن کی کمی کے باعث طیارے نے ہندوستان میں لینڈنگ کی اجازت مانگی۔ حکام نے اسے کیرالہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اترنے کی اجازت دی۔ اجازت ملنے کے بعد یہ تقریباً دس بجے کیرالہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اترا۔ فضائیہ نے اسے ہنگامی صورتحال میں معمول کا واقعہ قرار دیا ہے۔ فضائیہ کے ترجمان نے اتوار کے روز کہا کہ ہندوستان میں ایف 35-لینڈنگ کا یہ عام واقعہ ہے۔ ہندوستانی فضائیہ اس واقعہ سے پوری طرح باخبر تھی اور اس نے پرواز کی حفاظت کے پیش نظر طیارے کی مدد کی۔ اس معاملے میں ہر طرح کی مدد فراہم کی جارہی ہے اور ہندوستانی فضائیہ تمام متعلقہ ایجنسیوں کے ساتھ تال میل کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس طیارے نے حال ہی میں ہندوستانی بحریہ کے ساتھ فوجی مشق میں حصہ لیا تھا۔ یہ طیارہ کیرالہ ہوائی اڈے پر ایندھن بھرنے کا انتظار کر رہا ہے۔ ہندوستان اور برطانیہ کے متعلقہ حکام کے درمیان ایندھن بھرنے کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔

☆

ملک میں کورونا کے موجودہ مریضوں کی تعداد میں کمی، مزید 10 مریضوں کی موت

نئی دہلی، 15 جون (یو این آئی) ہندوستان میں کووڈ 19- کے موجودہ مریضوں کی کل تعداد اتوار کے روز 7,400 سے گھٹ کر 7,383 ہوگئی۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران زیر علاج مریضوں کی تعداد میں 17 کی کمی آئی ہے۔ مرکزی وزارت صحت کی طرف سے آج صبح 8 بجے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق اس انفیکشن کی وجہ سے 10 لوگوں کی جان چلی گئی ہے۔ اس کے بعد کورونا وائرس سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 97 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران دہلی میں تین، کیرالہ میں پانچ اور مہاراشٹر میں کووڈ19- کی وجہ سے دو لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ یہ سب افراد صحت کے سنگین مسائل میں مبتلا تھے۔ دہلی اور مدھیہ پردیش میں نئے متاثرین 10 بڑھ کر بالترتیب 682 اور 130 ہوگئے، جبکہ کیرالہ میں 102 کیسز کی کمی درج ہوئی، حالانکہ کیرالہ میں سب سے زیادہ 2007 زیادہ مریض ہیں۔ سرکاری ویب سائٹ کے مطابق، مغربی بنگال، اروناچل پردیش، چنڈی گڑھ، چھتیس گڑھ، گوا، ہماچل پردیش، میزورم، پڈوچیری اور تریپورہ میں کووڈ 19- کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا ہے۔ دہلی میں اس وائرس کی وجہ سے جن تین لوگوں کی موت ہوئی ہے ان میں ایک 57 سالہ خاتون، ایک 83 سالہ خاتون اور ایک 57 سالہ مرد شامل ہیں۔ دوسری جانب کیرالہ میں اس انفیکشن کی وجہ سے 86 سالہ شخص، ایک 79 سالہ شخص، ایک 70 سالہ شخص، ایک 73 سالہ شخص اور ایک 92 سالہ خاتون کی موت ہوئی ہے۔ مہاراشٹر میں، ایک 56 سالہ شخص اور ایک 32 سالہ شخص اس کی وجہ سے اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ ماہرین صحت نے ہائی رسک والے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بھیڑ بھاڑ والی جگہوں پر ماسک پہنیں اور باقاعدگی سے ہیلتھ چیک اپ کروائیں۔

منی پور میں سلامتی دستوں کی بڑی تلاشی مہم، 328 اسلحوں کے ساتھ کثیر تعداد میں گولہ بارود برآمد

منی پور 15 جون: منی پور کے پانچ گھاٹی ضلعوں میں سلامتی دستوں نے کثیر تعداد میں گولہ بارود اور دھماکہ خیز اشیا کے ساتھ 328ا؟ تشیں اسلحوں کا ذخیرہ برآمد کیا ہے۔ صوبہ کے ڈی جی پی نے بتایا کہ یہ مہم 13 اور 14 جون کی درمیانی رات کو خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر چلائی گئی۔ ضبط کیے گئے اسلحہ جات میں 151 ایس ایل ا؟ر رائفلز، 65 انساس رائفلز، 73 دیگر رائفلز، 5 کاربائن گن، 2 ایم پی 5 گن، 12 ایل ایم جی رائفلز، 6 اے کے سیریز رائفلز، 2 اموگھ رائفلز، 1 اے آر-15 رائفلز، 1 مورٹار، 6 پستولیں، 2 گن بیرل اور 2 فلیئر گن شامل ہیں۔ آتشیں اسلحوں کے علاوہ سلامتی دستوں نے 591 مکسڈ میگزین اور ہزاروں راؤنڈ گولہ بارود بھی برآمد کیا، جس میں 3534 ایس ایل آر راؤنڈ، 2186 انساس راؤنڈ، 2252 .303 راو؟نڈ، 234 اے کے راؤنڈ، 407 اموگھ راؤنڈ اور 20 گرینیڈ، تین لیتھوڈ، 7 ڈیٹونیٹر اور 3 پیرا شیل شامل تھے۔ 'آج تک' کی خبر کے مطابق منی پور پولیس، مرکزی مسلح پولیس دستہ (سی آر پی ایف)، ہندوستانی فوج اور آسام رائفلز کی مشترکہ ٹیموں نے گھاٹی کے ضلعوں کے باہری علاقوں میں تلاشی مہم چلائی۔ غیر قانونی اسلحوں کی موجودگی کے بارے میں اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے ٹیموں نے تلاشی مہم چلائی جس کے بعد حالیہ دنوں میں سب سے بڑا اسلحوں کا ذخیرہ برآمد ہوا۔ پولیس نے اس مہم کو منی پور میں استحکام بحال کرنے کی کوشش میں ایک اہم کامیابی قرار دیا ہے جو مئی 2023 سے نسلی اور سیاسی بدامنی کا شکار ہے۔ ڈی جی پی دفتر نے کہا، ''یہ خفیہ آپریشن عوامی نظام بنائے رکھنے اور شہریوں کی زندگی اور جائیداد کا تحفظ کرنے کے ہمارے عزائم میں ایک بڑی کامیابی ہے۔'' سینئر پولیس افسر مبینہ طور پر ایسے آپریشنز کو بنائے رکھنے اور توسیع دینے کے لیے تمام سیکوریٹی حصہ داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ افسروں نے شہریوں سے مستعد رہنے اور کسی بھی مبینہ سرگرمی یا غیر قانونی اسلحوں سے متعلق اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن یا مرکزی کنٹرول روم کو دینے کی گزارش کی ہے۔

تقریبات میں برتن دھونے والے کا بیٹا نیٹ یو جی میں کامیاب!

راجستھان 15 جون: راجستھان کے ضلع بالوترا کے رہائشی 19 سالہ شرون کمار نے اپنی محنت، عزم اور حوصلے سے ملک کے لاکھوں نوجوانوں کے لیے ایک مثال قائم کر دی ہے۔ ایک انتہائی غریب گھرانے سے تعلق رکھنے والے شرون نے نیٹ یو جی 2025 امتحان کامیابی سے پاس کر کے یہ ثابت کر دیا کہ اگر انسان کے اندر سچا جذبہ اور محنت کرنے کی لگن ہو، تو غربت اور مشکلات اس کے راستے میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔ 'این ڈی ٹی وی انڈیا' کی رپورٹ کے مطابق، شرون کمار کے والدین گاؤں کے مختلف پروگراموں میں برتن دھونے کا کام کرتے ہیں، جبکہ شرون خود بھی تعلیم کے ساتھ ساتھ فیکٹری میں کام کرتا ہے تا کہ گھر کے اخراجات میں ہاتھ بٹا سکے۔ غربت سے لڑتے ہوئے اور کچی جھونپڑی میں زندگی بسر کرتے ہوئے، شرون نے کبھی بھی اپنے خواب کو مرنے نہیں دیا۔ اس کا خواب تھا کہ وہ ڈاکٹر بنے اور اس خواب کی تعبیر کے لیے اس نے دل وجان سے محنت کی۔ جب شرون یہ اطلاع ملی کہ وہ نیٹ امتحان میں کامیاب ہوگیا ہے، اس وقت بھی وہ فیکٹری میں کام کر رہا تھا۔ اس نے او بی سی زمرے میں 4071 واں رینک حاصل کیا ہے۔ یہ خبر سنتے ہی اس کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آ گئے۔ دسویں جماعت میں 97 فیصد اور بارہویں میں 88 فیصد نمبر حاصل کرنے والے شرون نے سرکاری اسکول سے تعلیم حاصل کی اور ثابت کیا کہ ٹیلنٹ کسی مالی حیثیت کا محتاج نہیں ہوتا۔ شرون کی کامیابی میں 'ففٹی ویلیجرز سیوا سنستھان' نامی ادارے کا بھی اہم کردار ہے، جو ہر سال معاشی طور پر کمزور لیکن باصلاحیت طلبہ کو مفت کوچنگ فراہم کرتا ہے۔ اسی ادارے کی مدد سے شرون کو نیٹ کی تیاری کا موقع ملا اور وہ کامیاب ہوا۔ اس کے اسکور کی بنیاد پر اُمید ہے کہ اسے راجستھان کے کم از کم تین سے چار سرکاری میڈیکل کالج اپنے یہاں داخلہ دے سکتے ہیں۔ شرون کا کہنا ہے کہ جب وہ تعلیم مکمل کر کے کمانے لگے گا، تو سب سے پہلے اپنے والدسے برتن دھلوانے کا کام چھڑوا دے گا، کیونکہ وہ یہ کام انہیں کرتے دیکھ کر دکھی ہوتا ہے۔ اس نے کہا،'' یہ میرے لیے خوشی کی بات نہیں کہ میرے والد یہ کام کرتے ہیں۔'' واضح رہے کہ اس سال نیٹ یو جی امتحان میں راجستھان کے مہیش کمار نے پہلی اور مدھیہ پردیش کے اُتکرش اودھیا نے دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اس داخلہ امتحان میں کل 22.09 لاکھ طلبہ شریک ہوئے، جن میں سے 12.36 لاکھ سے زیادہ امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔ شرون کمار کی یہ کہانی اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ غربت منزل کی راہ میں رکاوٹ نہیں بلکہ حوصلے کو آزمانے کا ذریعہ ہوتی ہے۔

دہلی-این سی آر میں موسم کا مزاج بدلا، تیز ہواؤں کے ساتھ جھما جھم بارش، شدید گرمی سے ملی راحت

نئی دہلی 15 جون: راجدھانی دہلی میں اتوار کی صبح اچانک موسم کا مزاج بدل گیا۔ یہاں تیز ہواؤں کے ساتھ زوردار بارش ہوئی جس سے لوگوں کو شدید گرمی سے راحت ملی۔ محکمہ موسمیات نے اگلے کچھ گھنٹوں کے لیے بھی دہلی-این سی آر میں شدید طوفان اور تیز ہوا کی وارننگ جاری کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے خراب موسم کے پیش نظر لوگوں سے احتیاط برتنے کی صلاح دیتے ہوئے کہا، ''دہلی-این سی آر میں گرج اور بجلی کے ساتھ درمیانی سے تیز بارش، 80 سے 100 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں۔ گھر کے اندر رہیں اور جب تک ضروری نہ ہو سفر کرنے سے بچیں۔'' آئی ایم ڈی کے مطابق صفدر جنگ میں ژالہ باری اور گرج کے ساتھ بارش کے علاوہ دو مرتبہ طوفانی ہوائیں چلنے کی بھی اطلاع ملی۔ اس دوران پہلی بار ہوا کی رفتار 82 کلومیٹر فی گھنٹہ درج کی گئی جبکہ دوسری بار یہ بڑھ کر 104 کلومیٹر فی گھنٹہ تک پہنچ گئی۔ صفدر جنگ میں 33.5 ملی میٹر، لودی روڈ میں 32 ملی میٹر، پوسا میں 27.5 ملی میٹر بارش درج کی گئی ہے۔ دہلی-این سی آر میں 16 سے 20 جون تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے 16، 18، 19 اور 20 جون کو دہلی میں درجہ حرارت 36 سے 39 ڈگری سیلسیس کے قریب ریکارڈ کیے جانے کی امید ظاہر کی ہے۔ وہیں 17 سے لے کر 20 جون تک کم سے کم درجہ حرارت 25 سے 27 ڈگری سیلسیس رہنے کے آثار ہیں۔ واضح رہے کہ محکمہ موسمیات نے ہفتہ کی شام یا رات میں تیز ہوا اور آندھی کے ساتھ ہلکی بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے الرٹ جاری کیا تھا لیکن رات ساڑھے آٹھ بجے تک کہیں بونداباندی بھی نہیں ہوئی اور اومس بھری گرمی بنی رہی۔ کل دہلی میں درجہ حرارت 41.8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا جو معمول سے 1.9 ڈگری زیادہ ہے۔ رات 8 بجے یہاں ہیٹ انڈیکس 51.8 ڈگری سیلسیس تھا۔ آیا نگر میں درجہ حرارت سب سے زیادہ 42.2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

☆

دھلی میں کورونا کا قھر

نئی لہر میں پہلی بار ایک دن میں 3 اموات، 24 گھنٹے میں 212 مریض صحت یاب

نئی دہلی 15 جون: ملک بھر میں کورونا کے معاملے تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ راجدھانی دہلی میں بھی کورونا کا قہر جاری ہے۔ نئی لہر میں دہلی میں کورونا وائرس سے پہلی بار ایک دن میں تین لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ کورونا کی زد میں ا؟نے سے اب تک یہاں 11 لوگوں کی جان جا چکی ہے۔ 'امر اُجالا' کی خبر کے مطابق دہلی میں جن تین نئے مریضوں کی کورونا سے موت ہوئی ہے ان میں دو خاتون اور ایک مرد شامل ہیں۔ 57 سالہ خاتون کو ذیابیطس، پھیپھڑے کی بیماری تھی جبکہ 57 سالہ مرد بھی اسی طرح کے مرض میں مبتلا تھا۔ وہیں 83 سالہ ضعیفہ جس کی کورونا سے موت ہوئی ہے اسے ذیابیطس کے ساتھ بلڈ پریشر کا مسئلہ تھا۔ حالانکہ دہلی میں کورونا کے فعال مریضوں میں تین دن سے گراوٹ درج کی جارہی ہے۔ ہفتہ کو فعال مریضوں کی تعداد گھٹ کر 672 رہ گئی۔ کوئی نیا معاملہ بھی درج نہیں کیا گیا۔ صحت اور خاندانی فلاح محکمہ کے کووڈ ڈیش بورڈ کے مطابق 24 گھنٹے میں 212 مریض کورونا سے صحت یاب ہوئے۔ دہلی میں یکم جنوری سے اب تک 1960 کورونا کے مریض سامنے ا؟ئے ہیں جس میں 11 اپنی جان گنوا بیٹھے ہیں۔ کورونا کے کُل معاملوں میں دہلی ابھی دوسرے نمبر پر ہے۔ کورونا کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ اس کے نئے ویریئنٹس عام طور پر تیزی سے پھیلتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ وہ پہلے جتنے خطرناک ہوں۔ بزرگ، حاملہ خواتین، چھوٹے بچے اور پہلے سے بیمار شخص سب سے زیادہ جوکھم میں رہتے ہیں۔ ہلکی علامت سے شروع ہوکر سنگین سانس کی دقت تک معاملہ جاسکتا ہے۔ صحت ماہرین کا کہنا ہے کہ انفکشن کے بڑھتے معاملوں کو لے کر گھبرانے یا فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ حالانکہ سردی زکام کے ساتھ سانس لینے میں دقت سے متاثر ہونے والے مریضوں کو ڈاکٹر سے مل کر جانچ کرانا چاہیے۔ زیادہ تر لوگ گھر پر رہ کر ہی ٹھیک ہو رہے ہیں۔ اس لیے انفکشن کی حالت میں بھی زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

☆

16 جون کی اشاعت کے لئے

نئی دہلی، 15 جون (یواین آئی) ہندستانی اور عالمی تاریخ میں 16 جون کے چند اہم واقعات مندرجہ ذیل ہیں.

1671۔روس میں زار شاہی کے خلاف کسان بغاوت کے علمبردار راجن کو پھانسی پر لٹکایا گیا۔
1779۔اسپین نے امریکہ کی حمایت میں برطانیہ پر حملے کا اعلان کیا۔
1858۔ہندوستانی سپاہیوں کی بغاوت کے دوران مورار کی لڑائی شروع ہوئی۔
1881۔آسٹریا، ہنگری اور سربیا نے فوجی معاہدے پر دستخط کئے۔
1890۔امریکہ میں دوسرا میڈیسن اسکوائر گارڈ کھولا گیا۔
1903۔فورڈ موٹر کمپنی کا قائم عمل مں غ آیا۔
1917۔روس مں وپہلی سوویت کانگریس منعقد ہوئی۔
1925۔سوارج پارٹی کے رہنما چترنجن داس کا انتقال ہوا۔
1940۔لتھوانیا میں کمیونسٹ حکومت کا قیام عمل میں آیا۔
1947۔امریکہ کا پہلا نیٹ ورک نیوز فرام واشنگٹن وجود میں آیا۔
1963۔سوویت کاسموناٹ ویلن تینا تریشکوف خلاء میں جانے والی پہلی خاتون بنیں۔
1977۔اوریکل کمپنی کا قیام عمل میں آیا۔
1979۔ سربیا میں اخوان المسلمین کے ساتھ تصادم میں 62 شیخوں کی موت ہوئی۔
1997۔الجیریا میں قتل عام میں 50 لوگ ہلاک ہوئے۔
1999۔تھامبو مبیکی جنوبی افریقہ کے دوسرے صدر منتخب ہوئے۔
2000۔اسرائیل نے اقوام متحدہ کی قرارداد نمبر 425 پر لبنان سے فوج واپس بلائی۔
2008۔کیلی فورنیا میں ہم جنس پرستوں کو شادی کرنے کی اجازت ملی۔
2010۔بھوٹان تمباکو مصنوعات پر مکمل پابندی لگانے والا پہلا ملک بنا۔
2012۔عراق کے راجدھانی بغداد میں ہیوئے کار بم دھماکے میں 32 افراد ہلاک۔
2012۔ملٹی نیشنل کمپنی کوکا کولا نے میانمار میں 60 برس بعد کاروبار شروع کیا۔
2012۔مہاراشٹر کے عثمان آباد میں بس کھائی میں گر جانے سے 30 افراد ہلاک اور 15 زخمی ہوگئے۔
2013۔عراق میں سلسلہ وار بم دھماکوں میں 20 افراد مارے گئے۔

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں مستحکم

نئی دہلی، 15 جون (یواین آئی) بین الاقوامی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کی وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی میں خلل پڑنے کے امکان کے باوجود آج گھریلو سطح پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں مستحکم رہیں جس کی وجہ سے دہلی میں پٹرول 94.72 روپے فی لیٹر اور دہلی میں 28.76 روپے فی لیٹر پر رہا۔
تیل مارکیٹنگ کمپنی ہندوستان پٹرولیم کارپوریشن کی ویب سائٹ پر جاری کردہ نرخوں کے مطابق آج ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ دہلی میں ان کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، ممبئی میں پٹرول 104.21 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 92.15 روپے فی لیٹر پر رہا۔
عالمی سطح پر امریکی خام تیل 7.55 فیصد بڑھ کر 73.18 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گیا۔ اسی طرح لندن برینٹ کروڈ کی قیمت 1.28 فیصد اضافے کے ساتھ 75.28 ڈالر فی بیرل پر رہی۔
ملک کے چاروں میٹرو شہروں میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت درج ذیل رہی۔

میٹرو شہروں	پیٹرول	ڈیزل (روپے فی لیٹر)
دہلی	94.72	87.62
ممبئی	104.21	92.15
چنئی	100.75	92.34
کولکتہ	103.94	90.76

ایران میں اسرائیلی حملے کے سبب گیس ریفائنری میں دھماکے

تہران، 15 جون (یواین آئی) ایران کے جنوبی صوبے بوشہر میں پارس گیس فیلڈ کے فیز- 14 میں واقع ریفائنری میں ہفتہ کے روز ہونے والے اسرائیلی حملے کے نتیجے میں زوردار دھماکہ ہوا۔ نیم سرکاری خبر رساں ادارے تسنیم نے رپورٹ کیا کہ اسرائیلی مائیکرو ایریل وہیکل نے صوبہ بوشہر میں پارس گیس فیلڈ کے فیز 14- میں ساحلی ریفائنری پر حملہ کیا، جس سے ریفائنری میں دھماکہ ہوگیا۔ ایجنسی نے کہا کہ دھماکہ کے باعث گیس ریفائنری کے ایک حصے میں آگ لگ گئی، تاہم ابھی تک نقصان کی حد کے بارے میں کوئی رپورٹ جاری نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی غیر فعال دفاعی اور ریسکیو فورسز صورتحال کو سنبھال رہی ہیں۔ یہ حملہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب اسرائیل کی جانب سے ایرانی فوجی اور جوہری تنصیبات پر بڑے پیمانے پر حملوں کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ اس سے قبل جمعہ کے روز اسرائیل نے ایران کے دارالحکومت تہران اور ملک کے دیگر شہروں پر فضائی حملے کیے تھے۔ ان حملوں کا مقصد ایران کے جوہری ڈھانچے، بیلسٹک میزائل کی تیاری اور فوجی صلاحیتوں کو کمزور کرنا تھا۔ ایران نے ان حملوں کا جواب جمعہ کی رات اور ہفتے کی صبح اسرائیلی اہداف کو نشانہ بنانے والے راکٹوں سے دیا۔ اسرائیل کے سرکاری کان ٹی وی کی خبر کے مطابق، حملوں میں تین افراد ہلاک اور 172 دیگر زخمی ہوئے۔

ٹرمپ انتظامیہ نے تارکین وطن کی گرفتاریاں روک دیں: رپورٹ

نیویارک، 15 جون (یواین آئی) امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ نے امیگریشن ایجنٹوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فارموں، ریستورانوں اور ہوٹلوں میں گرفتاریاں بند کریں، ان خدشات کے درمیان کہ حالیہ امیگریشن کریک ڈاؤن سے ان صنعتوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ذرائع نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر ہفتہ کو بتایا کہ یہ صنعتیں تارکین وطن کی محنت پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہیں، جن میں سے بہت سے غیر قانونی طور پر امریکہ میں ہیں۔ یہ فیصلہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب یو ایس امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (آئی سی ای) نے غیر قانونی تارکین وطن کو گرفتار کرنے اور ملک بدر کرنے کے لیے ملک بھر میں کام کی جگہوں پر چھاپے مارے ہیں۔ آئی سی ای ایجنٹوں کی جانب سے تارکین وطن کو کھیتوں اور کار دھونے کے کاموں میں لگے لوگوں کو حراست میں لینے کے واقعات گزشتہ ہفتے کے دوران سرخیوں میں چھائے رہے۔ تارکین وطن کے خلاف کریک ڈاؤن نے لاس اینجلس اور نیویارک سمیت کئی امریکی شہروں میں احتجاج کو جنم دیا ہے۔

مظاہروں میں تشدد نے ٹرمپ انتظامیہ کو نیشنل گارڈ کے ارکان اور فعال ڈیوٹی والے میرینز کو لاس اینجلس کے علاقے میں بھیجنے پر مجبور کردیا ہے، جب کہ کیلیفورنیا کے گورنر گیون نیوزوم اور دیگر مقامی حکام نے مزاحمت کی ہے۔ فی الحال، واشنگٹن آئی سی ای ایجنٹوں کی حفاظت اور احتجاج کو دبانے کے لیے فوجی ارکان کا استعمال جاری رکھ سکتا ہے۔ نویں یو ایس سرکٹ کورٹ آف اپیل نے ہنگامی اسٹے جاری کیا جب امریکی ڈسٹرکٹ جج چارلس بریئر نے جمعرات کی شام یہ فیصلہ سنایا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے کیلیفورنیا کے نیشنل گارڈ کو غیر قانونی طور پر وفاقی بنایا ہے اور آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔

نیپال میں پل گرنے سے تین افراد کی موت

کھٹمنڈو 15 جون (یواین آئی) مشرقی نیپال میں ہفتہ کو ایک زیر تعمیر پل گرنے سے تین مزدور ہلاک اور تین دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس نے اتوار کو یہ اطلاع دی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پل ہفتے کے روز مقامی وقت کے مطابق شام ساڑھے چھ بجے گرا، جس میں چھ مزدور زخمی ہوگئے۔ یہ پل پنچتھر اور تاپلیجنگ اضلاع کو ملانے کے لیے تعمیر کیا جا رہا تھا۔ پنچتھر ضلع پولیس کے ترجمان روپیش تمانگ نے کہا" تین لوگوں کی علاج کے دوران موت ہوگئی۔" انہوں نے بتایا کہ زخمیوں میں سے ایک کی حالت تشویشناک ہے۔

وسطی ویتنام میں سمندری طوفان ووٹپ کی زد میں آنے سے چھ افراد غرقاب

ہنوئی، 15 جون (یواین آئی) ویتنام میں طوفان ووٹپ کی وجہ سے طوفانی بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے کم از کم چھ لوگوں کی موت ہوگئی ہے اور ایک لاپتہ ہے۔ ڈیزاسٹر اینڈ ڈائک مینجمنٹ اتھارٹی نے اتوار کو بتایا کہ ملک کے وسطی حصے کے کوانگ بن اور کوانگ ٹرائی صوبوں میں چھ افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاع ہے، جبکہ کوانگ بن میں سیلابی پانی میں بہہ جانے کے بعد ایک شخص لاپتہ ہے۔ طوفان کے باعث 47 مکانات کو نقصان پہنچا۔ علاقے میں 58,000 ہیکٹر کھیت زیر آب آ گئے جن میں دھان اور دیگر فصلیں شامل ہیں۔ قومی شماریات کے دفتر کے مطابق جنوری سے مئی تک قدرتی آفات کے باعث ملک بھر میں 40 افراد ہلاک یا لاپتہ ہوگئے۔

آسٹریلیا سے آنے والے چینی مسافروں کے لیے نیوزی لینڈ میں ویزا کی چھوٹ کی سہولت

ویلنگٹن، 15 جون (آئی این ایس) نیوزی لینڈ کی حکومت نے اتوار کے روز آسٹریلیا سے سفر کرنے والے چینی شہریوں کے لیے ویزا کی چھوٹ کی پالیسی کا اعلان کیا۔ امیگریشن نیوزی لینڈ کے مطابق نومبر 2025 سے آسٹریلیا میں درست ویزا والے چینی پاسپورٹ یافتہ شہریوں کو ویزے کے بجائے نیوزی لینڈ الیکٹرانک ٹریول اتھارٹی (این زیڈ ای ٹی اے) کے ذریعے تین ماہ کے لیے نیوزی لینڈ جانے کی اجازت ملے گی۔ یہ چھوٹ صرف آسٹریلیا میں رہنے والے چینی شہریوں کے لیے ہے، اس کا اطلاق ٹرانزٹ مسافروں پر نہیں ہوگا۔ درخواست دہندگان کو این زیڈ ای ٹی اے کے معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ آج اعلان کردہ ویزا سے چھوٹ 12 ماہ کے لیے تجرباتی پالیسی ہے جس کا مقصد نیوزی لینڈ کو چینی سیاحوں کے لیے مزید پرکشش بنانا ہے۔

متحدہ عرب امارات کے صدر کا فرانس اور اٹلی کے رہنماؤں سے مغربی ایشیا میں کشیدگی پر تبادلہ خیال

ابوظہبی، 15 جون (یواین آئی) متحدہ عرب امارات (یواے ای) کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے فرانس کے صدر امانوئل میکرون اور اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی کے ساتھ ٹیلی فون پر الگ الگ بات چیت کی تاکہ مغربی ایشیا کی حالیہ پیش رفت بالخصوص ایران پر اسرائیلی حملوں کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ ایمریٹس نیوز ایجنسی نے ہفتہ کو رپورٹ کیا کہ بات چیت کے دوران رہنماؤں نے بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا اور زیادہ سے زیادہ تحمل سے کام لینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے اور علاقائی امن و استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے تنازعات کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیا۔ بات چیت کے دوران متحدہ عرب امارات کے فرانس اور اٹلی کے ساتھ اسٹریٹجک تعلقات پر بھی روشنی ڈالی گئی اور باہمی مفادات کے لیے تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

ٹیرف کا تنازعہ: یوروپی یونین امریکہ کے ساتھ بہتر تجارت کے لیے پرعزم

برسلز، 15 جون (یواین آئی) یورپی یونین کی چیئرپرسن ارسولا ون ڈیر لین نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ فون پر بات چیت میں کہا کہ یورپی یونین 9 جولائی سے پہلے ان کے ساتھ 'اچھے 'تجارتی معاہدے تک پہنچنے کے لیے پرعزم ہے۔ یورپی یونین کی چیئرپرسن نے ہفتے کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس 'پر ایک پوسٹ میں کہا کہ جی 7- سربراہی اجلاس سے قبل امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ ان کی اچھی بات چیت ہوئی۔ دریں اثناء امریکہ کی جانب سے اسٹیل اور ایلومینیم کی درآمدات پر ڈیوٹی میں 50 فیصد اضافے کا فیصلہ نافذ ہوگیا ہے جس سے تجارتی تنازعہ شدت اختیار کر گیا ہے اور یورپی صنعت کاروں نے اس فیصلے سے بھاری نقصان سے متنبہ کیا ہے۔

ایران نے اسرائیل پر حملہ شروع کیا

تہران، 15 جون (یواین آئی) ایران کے پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) نے سنیچر کی دیر رات اسرائیل کے خلاف بڑا مشترکہ حملہ کیا، جس میں بڑی تعداد میں میزائل اور ڈرون داغے گئے۔ آئی آر جی سی کے سرکاری خبر رساں ادارے سپاہ نیوز نے رپورٹ کیا کہ آئی آر جی سی کے ایرواسپیس ڈویژن نے یہ حملہ اسرائیل کے 'جارحانہ حملوں 'کے جواب میں کیا۔ اسرائیل کی نیشنل ایمرجنسی میڈیکل سروس میگن ڈیوڈ ایڈوم (میڈ) کے مطابق ایرانی راکٹ نے اسرائیل کے شمالی حصے میں رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں ایک خاتون ہلاک اور 13 افراد زخمی ہوئے۔ متعدد دیگر افراد کو زخمی ہونے کے بعد اسپتال منتقل کیا گیا۔ میڈ کے مطابق ایرانی حملے میں شروع سے اب تک تین افراد ہلاک اور 204 زخمی ہو چکے ہیں۔ حیفہ اور شمالی علاقہ سے باہر کے باشندوں کو ہوم فرنٹ کمانڈ نے بنکر سے نکلنے کی اجازت دی۔ اسرائیلی فوج نے کہا کہ اس کا فضائی دفاعی نظام فعال طور پر میزائلوں کو روک رہا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فضائیہ نے تہران میں فوجی اہداف پر حملے کیے ہیں۔ ایران کی وزارت پیٹرولیم نے تصدیق کی ہے کہ حملوں میں تہران میں تیل کے دو ڈپو کو نقصان پہنچا ہے۔ دارالحکومت کے مغربی اور شمالی علاقے میں دو زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ وزارت نے کہا کہ صورتحال قابو میں ہے۔ ادھر اردن نے ایرانی میزائل حملے کے بعد سکیورٹی وجوہات کی بنا پر ہفتے کی دیر رات اپنی فضائی حدود کو عارضی طور پر بند کر دیا۔ ملک کے سول ایوی ایشن ریگولیٹری کمیشن نے اعلان کیا کہ یہ اقدام سول ایوی ایشن کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ ایران نے جمعہ کے روز تہران اور دیگر شہروں کو نشانہ بنانے والے اسرائیلی فضائی حملوں کے جواب میں یہ حملہ کیا۔ ایرانی حکام کے مطابق ان حملوں میں اعلیٰ فوجی کمانڈر، جوہری سائنسدان اور متعدد عام شہری مارے گئے۔

ٹیرف تنازع: یورپی یونین امریکہ کے ساتھ بہتر تجارت کے لیے پرعزم

برسلز، 15 جون (یواین آئی) یورپی کمیشن (ای یو) کی صدر ارسلا وان ڈیرلین نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے فون پر بات چیت میں کہا کہ یورپی یونین 9 جولائی سے پہلے ان کے ساتھ 'اچھے' تجارتی معاہدے تک پہنچنے کے لیے پرعزم ہے۔ یورپی یونین کی صدر نے ہفتے کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ جی 7 سربراہی اجلاس سے قبل صدر ٹرمپ کے ساتھ ان کی اچھی بات چیت ہوئی۔ اس دوران امریکہ کی جانب سے اسٹیل اور ایلومینیم کی درآمدات پر 50 فیصد ٹیرف بڑھانے کا فیصلہ نافذ العمل ہوگیا ہے جس سے تجارتی تنازعہ شدت اختیار کر گیا ہے اور یورپی صنعت کاروں نے اس فیصلے سے بڑے نقصان کا انتباہ دیا ہے۔ یورپی تجارتی اور اقتصادی سیکورٹی کمشنر ماروس سیفکووچ نے بھی 26 مئی کو تبصرہ کیا جب صدر مسٹر ٹرمپ نے یورپی یونین کے ساتھ مذاکرات کو غیر نتیجہ خیز قرار دیا اور یکم جون سے یورپی یونین کی تمام درآمدات پر 50 فیصد محصولات عائد کرنے کی دھمکی دی۔ اس کے بعد یورپی یونین کے صدر کے ساتھ فون پر بات چیت کے بعد مسٹر ٹرمپ نے اس اضافے کو 9 جولائی تک ملتوی کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ انھوں نے بتایا کہ فون کال میں دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطی اور یوکرین کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

عراق کا اسرائیل سے فضائی حدود کی خلاف ورزی بند کرنے کا مطالبہ

بغداد، 15 جون (یواین آئی) عراق نے امریکہ پر زور دیا ہے کہ وہ اسرائیلی طیاروں کو عراقی فضائی حدود میں داخل ہونے اور حملے کرنے سے روکنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ عراق کی مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف کے ترجمان صباح النعمان نے ہفتے کے روز کہا کہ عراقی حکومت نے امریکہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ دوطرفہ معاہدوں اور بین الاقوامی قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ عراق نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی فضائی حدود کی کسی بھی خلاف ورزی یا ایران یا دیگر پڑوسی ممالک پر اسرائیلی حملوں کے لیے اس کے استعمال کی سختی سے مخالفت کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عراق نے بحران کا پرامن حل تلاش کرنے کے لیے اب تک انتہائی تحمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ ترجمان نے زور دے کر کہا کہ عراق کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت اپنی قومی خودمختاری کی کسی بھی خلاف ورزی کا جواب دینے کا پورا حق ہے۔ عراق نے جمعہ کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک سرکاری شکایت درج کرائی، جس میں اسرائیل کی فوجی کارروائیوں کے لیے اپنی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے پر مذمت کی گئی۔ اسی صبح اسرائیل نے تہران سمیت ایران کے کئی اسٹریٹیجک مقامات پر مربوط فضائی حملے شروع کیا تھا۔

کمبوڈیا نے اقوام متحدہ کی عدالت سے تھائی لینڈ کے ساتھ سرحدی تنازعات حل کرنے کی درخواست کی

نوم پنہ، 15 جون (یواین آئی) کمبوڈیا نے اقوام متحدہ (یو این) کی عدالت سے تھائی لینڈ کے ساتھ سرحدی تنازعات حل کرنے کی درخواست کی ہے۔ وزیر اعظم ہن مانیٹ نے کہا کہ کمبوڈیا نے اتوار کو اقوام متحدہ کی بین الاقوامی عدالت انصاف (آئی سی جے) کو ایک سرکاری خط کے ذریعہ تھائی لینڈ کے ساتھ چار متنازعہ سرحدی علاقوں کو حل کرنے کی عدالت سے درخواست کی۔ مسٹر مانیٹ نے کہا کہ کمبوڈیا کو پڑوسی ممالک کے ساتھ اپنی سرحدی لائنوں کے تعین میں انصاف، شفافیت اور وضاحت کی ضرورت ہے تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک دوسرے کے ساتھ لامتناہی مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یہ قدم 28 مئی کو دونوں ممالک کے فوجیوں کے درمیان فائرنگ کے مختصر تبادلے کے بعد کیا گیا تھا۔ اس گولی باری میں کمبوڈیا کے ایک فوجی کی موت ہوگئی۔

☆☆☆

پوتن اور ٹرمپ نے ٹیلی فون پر مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر کیا تبادلہ خیال

ماسکو، 15 جون (یواین آئی) روسی صدر ولادیمیر پوتن اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ٹیلی فون پر مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ کریملن نے یہ اطلاع دی ہے۔ مسٹر پوتن کے معاون یوری اوشاکوف نے ہفتے کے روز کہا'' بات چیت 50 منٹ تک جاری رہی، یہ بامعنی اور کافی مفید تھی۔'' انہوں نے کہا کہ'' اس میں اس کی توجہ مشرق وسطی میں صورتحال کے خطرناک اضافے پر مرکوز تھی۔'' انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ مسٹر پوتن نے ایران کے خلاف اسرائیل کی فوجی کارروائی کی مذمت کی اور تنازعہ کے ممکنہ بڑھنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوتن نے تنازعہ کو بڑھنے سے روکنے کی اہمیت اور ممکنہ ثالثی کی کوششوں میں شامل ہونے کے لیے روسی فریق کی تیاری پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر ٹرمپ بھی صورتحال کو کافی تشویشناک سمجھتے ہیں۔'' انہوں نے مزید کہا کہ روسی اور امریکی صدور ایران کے جوہری پروگرام پر مذاکرات کے راستے پر واپسی کے امکان مسترد نہیں کرتے ہیں۔ مسٹر اوشاکوف کے مطابق مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ امریکی مذاکرات کاروں کی ٹیم ایرانی نمائندوں کے ساتھ دوبارہ کام شروع کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوتن نے 2 جون کو استنبول میں روسی اور یوکرین کے وفود کی جانب سے طے پانے والے معاہدوں پر عمل درآمد کے بارے میں بھی ٹرمپ کو آگاہ کیا اور 22 جون کے بعد یوکرین کے ساتھ بات چیت جاری رکھنے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرمپ نے اس معلومات کا نوٹس لیا اور روس اور یوکرین کے تنازعہ کو جلد حل کرنے میں اپنی دلچسپی کا اعادہ کیا۔

اسرائیل-ایران جنگ ختم ہونی چاہیے: ٹرمپ

